**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 21.01.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گوادر ایئر پورٹ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کیلئے اہم قدم، وزیر اعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | گوادر کے عوام کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان کے طلباء کیلئے بھی سکالرشپس اسکیم لائیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | گوادر ایئر پورٹ کا اقتصادی ترقی اور سیاحت کے فروغ میں اہم کردار ہوگا، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | گوادر ایئر پورٹ کی فعالیت سے صوبے میں خوشحالی کی راہیں کھلیں گی، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | جامعہ بلوچستان کی سالانہ رپورٹ میں بہتری، وزیر خزانہ کی جانب سے مبارکباد پیش | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان 61 فیصد گیس ضائع، صرف 39 فیصد کی قیمت وصول کی جاتی ہے، مصدق ملک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | گوادر ایئر پورٹ ترقی کے دروازے کھولے گا، ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | عوام کو پانی کی فراہمی کیلئے اسکیموں کا فنڈز بڑھایا جائے، بجے کمار پنجوابی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ژوب خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر فورسز کو خراج تحسین، وزیر صحت | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | صوبے میں معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ولی نورزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نوجوان نسل کی ترقی کسی بھی خطے کی خوشحالی کی ضامن ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان 15 ہزار 400 سکولوں میں سے 12 ہزار بجلی سے محروم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا فعال ہونا سنگ میل ہے، ڈی جی پی اے اے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | کوئٹہ اور پشین میں زرعی کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کا پہلا مرحلہ مکمل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان ہائیکورٹ کے تین نئے ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | تانبے اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر ریکوڈک میں ہیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | وفاقی محتسب کے حکم پر گیس بل پر عائد جرمانہ ختم کردیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

قلعہ سیف اللہ سڑک کے کنارے نصب بم پھٹنے سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی، لیویز فورس کی کارروائی چوروں کا گروہ گرفتار گاڑی اور اسلحہ برآمد، بولان میں لیویز چوکی پر حملہ، اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ چھین لیا گیا، دکی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

## عوامی مسائل:

محکمہ خوراک حکام کی نااہلی اور فرائض میں غفلت سرکاری گوداموں میں لاکھوں ٹن گندم سڑنے لگی، حکومت اور مخیر حضرات میری بیٹی کے علاج میں معاونت کریں، بی بی آمنہ، کوئٹہ سمیت ملک بھر میں جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ، مریض پریشان، رحمت زحمت میں تبدیل ٹوٹی پھوٹی سڑکیں اور گندگی عوام کا مقدر بن گئی،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 21.01.2025

## اداریہ :

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**محکمہ صحت کے بعد تعلیم بھی ان ایکشن !**" کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے چند محکموں میں یہ ہورہا ہے کہ یہاں کے ملازم گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کرتے ہیں اکثر میں دوہری ملازمتوں کا معاملہ بھی شامل ہے مبینہ طور پر ایسے ملازمین کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ ان کو آج تک یہ پتہ نہیں کہ ان کی ڈیوٹی کونسے دفتر میں ہے کیونکہ ان کو ہر ماہ تنخواہ گھر بیٹھے مل جاتی ہے ،دفتر کے بارے میں معلوم کرنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئی ۔گذشتہ روز محکمہ صحت نے اس سلسلے میں ایک بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ڈاکٹر جو دوہری تنخواہیں لے رہے ہیں ،کے خلاف کارروائی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ بلاشبہ ایک بہت ہی اچھا اقدام ہے اب ایک خبر کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کے بعد محکمہ تعلیم بھی ایکشن میں آ گیا اس نے مستقبل غیر حاضر رہ کر تنخواہیں وصول کرنے والے 372 اساتذہ کو ملازمت سے برطرف ،272 کو معطل اور 3270 اساتذہ کی چند روز غیر حاضری پر تنخواہوں کی کٹوتی کی گئی ہے اس ضمن میں ڈائریکٹر محکمہ تعلیم بلوچستان اختر کھیتران نے بتایا کہ انکشاف ہوا تھا کہ صوبے میں اساتذہ کی ایک بڑی تعداد گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں جبکہ اساتذہ بیرون ملک قیام پذیر ہیں جس کا صوبائی وزیر راحیلہ درانی نے نوٹس لیتے ہوئے غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی کی ہدایت کی تھی انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم نے عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کرتے ہوئے مذکورہ اقدامات کئے۔

## اداریے :

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**گوادر :رابطے معاشی اور معاشرتی ترقی کا اہم سنگ میل** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ژوب میں فورسز کی کارروائی پانچ خوراجی ھلاک** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**گوادر ائیر رپورٹ آپریشنل ، گوادر مستقبل میں تجارتی سرگرمیوں کا مرکز** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر رپورٹ کا با قاعدہ افتتاح اہم سنگ میل** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Dysfunctional Pasni fish harbour" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکس پریس کوئٹہ نے "NGIA pioneering a new era" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

## مضامین:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**گوادر کی ترقی کا خواب** " کے عنوان سے شیخ فرید کا مضمون تحریر کیا۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**ریکوڈک میں ایک دن** " کے عنوان سے جاوید چوہدری کا مضمون تحریر کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 1

# گوادر ایئرپورٹ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کیلئے اہم قدم، وزیراعظم

**ہم چینی صدر شی جن پنگ اور محمد نواز شریف کے سی پیک کے ذریعے خطے کی ترقی کے مشترکہ عزم کی تکمیل کے قریب پہنچ گئے**

**وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں حکومت بلوچستان، سکیورٹی پر مامور افسران، اہلکاروں کی دن رات محنت قابل تعریف ہے**

**موٹروے کی تعمیر مکمل کرنے اور تعمیر نو کا جائزہ لینے کیلئے سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی، قومی شاہراہوں پر پیٹرولنگ بہتر بنانے کی ہدایات**

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوادر ایئرپورٹ سے پروازیں شروع ہونے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیاء اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے ایک اور سنگ........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

میل عبور کرلیا گیا، گوادر ایئرپورٹ کا فعال ہونا نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم ہے، گوادر ایئرپورٹ کے فعال ہونے سے سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ آج اللہ کے فضل و کرم سے گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیاء اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر ایئرپورٹ کا فعال ہونا سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہم چینی صدر شی جن پنگ اور محمد نواز شریف کے سی پیک کے ذریعے پاکستان و خطے کی ترقی کے مشترکہ عزم کی تکمیل کے مزید قریب پہنچ گئے، اللہ کے فضل و کرم سے سی پیک کی شروعات محمد نواز شریف کے دور سے ہوئی اور اس کے اہم سنگ میل بھی ان کی قیادت میں عبور ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم چینی قیادت اور چینی حکومت کی مشکور ہے، بین الاقوامی سہولیات سے آراستہ گوادر ایئرپورٹ پاک چین دوستی کی اعلیٰ مثال ہے، چین پاکستان کا وہ مثالی بھائی ہے جس نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 2

## بلوچستان کے طلبا کیلئے بھی سکالرشپس اسکیم لائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

[illegible]

[illegible]

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 منگل 20 رجب المرجب 1446ھ 21 جنوری 2025ء نمبر 21


# گوادر کے عوام کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، سرفراز بگٹی

**حکومت بلوچستان کے ساحلی علاقوں کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ کی عمائدین اور عوامی وفود سے گفتگو**

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں قبائلی رہنما میر ساجد دشتی کے گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر مقامی افراد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، بجلی، صحت اور تعلیم کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، اس لیے حکومت ہر منصوبے میں مقامی قیادت کے مشوروں کو اہمیت دے رہی ہے اس موقع پر قبائلی رہنما میر ساجد دشتی نے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے عمائدین نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا، جن پر انہوں نے فوری طور پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قبائلی رہنماؤں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

## محکمہ تعلیم میں بھرتیاں میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں، وزیراعلیٰ

**ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے، وزیر تعلیم سے گفتگو**


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیراعلیٰ کو ''ایس بی کے'' ٹیسٹنگ کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019 کی پالیسی کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جا رہا ہے متوقع طور پر آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں یہ پراسیس مکمل کر لیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں۔ انہوں نے تاکید کی کہ حق دار کو اس کا حق دیا جانا چاہیے اور اساتذہ کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے تاکہ تعلیمی ادارے مکمل طور پر فعال ہو سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے تمام بچے اسکول جائیں اور صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو۔




گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف و دیگر حکام کے ہمراہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب میں شریک ہیں



گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور دیگر شرکاء کا گروپ فوٹو



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر خواجہ آصف و دیگر گوادر ایئرپورٹ کا افتتاح کرنے آرہے ہیں


CamScanner

وسطی، مشرقی ایشیا اور مشرق وسطیٰ و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے سنگ میل عبور کر لیا گیا، وزیر اعظم عسکری قیادت اور چین سے اظہار تشکر

# گوادر ایئرپورٹ مکمل فعال

کراچی سے پہلی پرواز کی لینڈنگ

واٹر باؤزر سے سلامی دی گئی

ایئربس اور بوئنگ طیارے اتر سکیں گے

## سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا' سنگ میل عبور کرنے پر سب کو فخر ہے' ایئرپورٹ کی تعمیر میں تعاون پر چین کے مشکور ہیں' خواجہ آصف' تقریب سے خطاب

گوادر (ایجنسیاں) نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ پراجیکٹ سے آپریشن کا آغاز ہو گیا، پی آئی اے کی گوادر کے لئے پہلی کمرشل پرواز پی کے 305 کراچی سے 46 مسافروں کو لیکر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچ گئی جسے واٹر باؤزر کے ذریعے سلامی دی گئی' پہلی پرواز کی لینڈنگ کے ساتھ ہی ایئرپورٹ مکمل طور پر فعال ہو گیا ہے' ایئر پورٹ پر ایئربس اور بوئنگ طیارے بھی اتر سکیں گے' پروجیکٹ کی سالانہ گنجائش 4 لاکھ مسافروں کی ہے جبکہ اس کا رن وے 3.6 کلومیٹر طویل ہے' وزیر اعظم شہباز شریف نے ایئرپورٹ کی تعمیر کیلئے انتھک محنت پر عسکری قیادت ودیگر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیا اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا' مجھ سمیت پوری قوم چینی قیادت اور چینی حکومت کی مشکور ہے' گوادر ایئرپورٹ کے فعال ہونے سے سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا جبکہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع و ہوا بازی خواجہ محمد آصف کا کہنا تھا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا جبکہ تجارت اور ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی' ایئرپورٹ ملکی معیشت میں تبدیلی کا باعث ہوگا۔ سنگ میل عبور کرنے پر سب کو فخر ہے' ایئرپورٹ کی تعمیر میں تعاون پر چین کے مشکور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پی آئی اے کی پہلی پرواز کی لینڈنگ کے ساتھ ہی مکمل طور پر فعال ہو گیا ہے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے حکام نے کہا کہ یہ سی پیک کا ایک فلیگ شپ منصوبہ ہے جو اب آپریشنل ہو گیا ہے۔ خواجہ آصف نے گورنر اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تاریخی پرواز کے مسافروں کا پرتپاک استقبال کیا ہے۔ یہ پروجیکٹ جدید ترین ایئرپورٹ انفراسٹرکچر کا حامل ہے، جس کی سالانہ گنجائش 4 لاکھ مسافروں کی ہے، 3.6 کلومیٹر طویل رن وے، جو بڑے طیاروں جیسے بوئنگ 747 اور ایئربس A380 کو سہولت فراہم کرنے کے قابل ہے۔ یہ منصوبہ تقریباً 246 ملین امریکی ڈالر کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے جس کی فنڈنگ حکومت پاکستان، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی' سلطنت عمان اور حکومت چین کی گرانٹ سے کی گئی ہے۔ دریں اثناء پیر کو جاری بیان کے مطابق شہباز شریف کا کہنا ہے کہ گوادر ایئرپورٹ کا فعال ہونا سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرے گا' آج ہم چینی صدر شی جن پنگ اور محمد نواز شریف کے سی پیک کے ذریعے پاکستان و خطے کی ترقی کے مشترکہ عزم کی تکمیل کے مزید قریب پہنچ گئے' سی پیک کی شروعات نواز شریف کے دور سے ہوئی اور اس کے اہم سنگ میل بھی ان کی قیادت میں عبور ہو رہے ہیں۔ علاوہ ازیں نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی آپریشنلائزیشن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے خواجہ آصف نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ملکی معیشت میں تبدیلی کا باعث ہوگا، پاکستان کی ہوا بازی کی تاریخ میں یہ ایک اہم موقع ہے' تجارت اور سیاحت کے فروغ کے لئے گوادر اہم کردار ادا کرے گا' یہ منصوبہ عظیم کامیابیوں کی ایک منفرد مثال ہے جس پر سب کو فخر ہے۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ ہمیں اس خوبصورت تحفہ کے لئے چینی حکومت کا شکریہ ادا کرنا چاہئے۔ نیو گوادر بین الاقوامی ہوائی اڈا بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لئے تبدیلی کے فوائد لانے کے لئے تیار ہے۔ یہ محض ہوائی اڈا نہیں بلکہ لامحدود مواقع کا ایک دروازہ ہے۔ یہ نیا انفراسٹرکچر تجارت اور سیاحت کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا جس سے ترقی، خوشحالی نہ صرف اس علاقے بلکہ پورے پاکستان کے لئے میسر ہوگی۔

## گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ بلوچستان کی ترقی کیلئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، اسکی تکمیل سے صوبے میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی، وزیر اعلیٰ بگٹی

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لئے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ جدید ہوائی اڈہ خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ یہاں کے عوام کو پہنچے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ سی پیک کے تحت ایک اہم اقدام ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم اور پرکشش بنائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں مزید ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے جو بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائیں انہوں نے تقریب میں موجود حکومتی نمائندوں، مقامی افراد اور ماہرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ کامیاب آغاز اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | منگل 20 رجب 1446ھ 21 جنوری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 205

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# ایس بی کے اساتذہ کی بھرتیوں میں میرٹ پر عملدرآمد، حقدار کو حق دیا جائے، سرفراز بگٹی

ہم چاہتے ہیں تمام بچے اسکول جائیں، صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو، وزیراعلیٰ بلوچستان

ایس بی کے اساتذہ کی بھرتی کا عمل آخری مراحل میں داخل، آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں پراسس مکمل ہوگا، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیراعلیٰ کو "ایس بی کے" ٹیسٹنگ کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019ء کی پالیسی........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جا رہا ہے متوقع طور پر آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں یہ پراسس مکمل کر لیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں انہوں نے تاکید کی کہ حق دار کو اس کا حق دیا جانا چاہئے اور اساتذہ کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے تاکہ تعلیمی ادارے مکمل طور پر فعال ہو سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے تمام بچے اسکول جائیں اور صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو۔



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر خواجہ محمد آصف و دیگر حکام کے ہمراہ گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا افتتاح کرنے کیلئے آرہے ہیں



گوادر، وفاقی وزیر ہوابازی خواجہ آصف وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی گورنر جعفر خان مندوخیل و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو مقامی افراد اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں، اس موقع پر رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج و دیگر موجود ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Buliet No. 1

Page No. 8



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل۔ایل I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز منگل 21 جنوری 2025ء بمطابق 20 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 21


# گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح، ترقی کا نیا دور شروع ہوگیا، خواجہ آصف

وزیراعلیٰ، گورنر اور دیگر اعلیٰ سول و فوجی حکام کی تقریب میں شرکت، ڈی جی ایئرفورس اتھارٹی کی تفصیلی بریفنگ، یادگاری شیلڈز اور تعریفی اسناد پیش

**منصوبہ پاکستان کے روشن مستقبل کی علامت ہے، وزیر دفاع، جدید ہوائی اڈا خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا، وزیراعلیٰ، تقریب سے خطاب**

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر نیو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح ایک پروقار اور یادگار تقریب کے ساتھ کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر دفاع خواجہ آصف تھے، جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، اور دیگر اعلیٰ سول و فوجی حکام نے بھی شرکت کی۔ اس تقریب میں نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا، جسے پاکستان کی اقتصادی بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

ترقی میں ایک سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ تقریب کے دوران ڈائریکٹر جنرل ایئرفورس اتھارٹی، ایئر وائس مارشل، نے ایئرپورٹ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے شرکاء کو ایئرپورٹ کی جدید ٹیکنالوجی، عالمی معیار کی سہولیات، اور کمرشل سرگرمیوں کے حوالے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایئرپورٹ کی تعمیر سے نہ صرف مقامی بلکہ بین الاقوامی تجارت اور سیاحت کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے ایئرپورٹ کے ذریعے سرمایہ کاری اور اسٹریٹجک مواقع کی دستیابی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کی خوشحالی کا عکاس ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے ایئرپورٹ کی کامیاب تکمیل میں کردار ادا کرنے والے مختلف اداروں کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا، جن میں کمشنر مکران داؤد خان خلجی، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن، اور ڈی جی جی ڈی اے شفقت انور شاہوانی شامل تھے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپنے خطاب میں ایئرپورٹ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کے روشن مستقبل کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع، اور مقامی تجارت کو فروغ دینے کا ذریعہ بنے گا۔ ان کے بقول، یہ ایئرپورٹ سیاحت کے فروغ کا مرکز ہوگا اور ملکی ترقی کے نئے دور کا آغاز کرے گا۔ تقریب کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان، گورنر بلوچستان، اور دیگر اعلیٰ حکام کو یادگاری شیلڈز اور تعریفی اسناد پیش کی گئیں، جبکہ ایئرپورٹ کی تعمیر میں خدمات انجام دینے والے انجینئرز اور تکنیکی ماہرین کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔ وزیر دفاع نے تمام متعلقہ حکام اور عملے کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے دن رات محنت کر کے اس منصوبے کو کامیاب بنایا۔ اپنی تقریر کے اختتام پر انہوں نے پاکستان اور چین کے لازوال دوستی کو سراہتے ہوئے نعرہ "پاک چین دوستی زندہ باد" لگایا اور تقریب کا اختتام کیا۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ منصوبہ نہ صرف گوادر بلکہ پورے پاکستان کے لیے ترقی، خوشحالی، اور عالمی سطح پر مثبت پہچان کا باعث بنے گا۔

گوادر (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا۔ یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

میں مددگار ثابت ہوگا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ جدید ہوائی اڈہ خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ یہاں کے عوام کو پہنچے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ سی پیک کے تحت ایک اہم اقدام ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم اور پرکشش بنائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں مزید ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے جو بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائیں انہوں نے تقریب میں موجود حکومتی نمائندوں، مقامی افراد اور ماہرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ کامیاب آغاز اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

## وزیراعلیٰ سے وزیر تعلیم کی ملاقات، اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے گفتگو

**تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں، سرفراز بگٹی کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیراعلیٰ کو "ایس بی کے" ٹیسٹنگ کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019 کی پالیسی کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جا رہا ہے متوقع طور پر آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں یہ پراسس مکمل بقیہ نمبر 25 صفحہ 5 پر

کرلیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں انہوں نے تاکید کی کہ حق دار کو اس کا حق دیا جانا چاہیے اور اساتذہ کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے تاکہ تعلیمی ادارے مکمل طور پر فعال ہو سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے تمام بچے اسکول جائیں اور صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

Bullet No. 1

Page No. 8

بروز منگل 21 جنوری 2025ء

# گوادر میں پانی، بجلی، صحت و تعلیم کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہونگے، وزیر اعلیٰ

**بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، حکومت ترقی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے**

**مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، گوادر میں عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات میں گفتگو**

گوادر (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں قبائلی رہنما میر ساجد دشتی کے گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر مقامی افراد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، بجلی، صحت اور تعلیم کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، اس لیے حکومت ہر منصوبے میں مقامی قیادت کے مشوروں کو اہمیت دے رہی ہے اس موقع پر قبائلی رہنما میر ساجد دشتی نے وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے عمائدین نے وزیر اعلیٰ کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا، جن پر انہوں نے فوری طور پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قبائلی رہنماؤں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔



گوادر: وفاقی وزیر خواجہ آصف، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں



گوادر: انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سوینئر دے رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز پیر 20 جنوری 2025ء بمطابق 19 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 20


# فلاحی ادارے معاشرتی ترقی کیلئے ناگزیر، ہر ممکن معاونت دینگے سرفراز بگٹی

**سوئٹ ہوم اسلام آباد کے بچوں کا دورہ کوئٹہ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں وزیراعلیٰ سے ملاقات، ساتھ کھانا بھی کھایا، بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو سراہا**

**بچوں کو تحائف بھی پیش کیے گئے، بہتر و روشن مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار، بچوں نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کے جذبے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی دعوت پر سوئٹ ہوم اسلام آباد کے بچوں نے کوئٹہ کا دورہ کیا اور چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی، بچوں نے وزیراعلیٰ کے ساتھ کھانا کھایا اور بلوچستان سے متعلق مختلف امور پر سوالات کیے میر سرفراز بگٹی نے سوئٹ ہوم اسلام آباد کے بچوں کے وفد کو کوئٹہ آمد پر خوش آمدید کہا اور انہیں بلوچستان سے متعلق تاریخی و حالات حاضرہ کی معلومات دیں اور صوبائی حکومت کی ترجیحات سے

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

آگاہی دیتے ہوئے طالب علموں کے لئے تعلیمی وظائف، بچیوں کے لئے پنک اسکوٹی اسکیم، نوجوانوں کے لئے اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام سمیت دیگر فلاحی منصوبوں سے متعلق آگاہ کیا ملاقات میں چیئرمین سوئٹ ہوم اسلام آباد زمرد خان، سینیٹر دنیش کمار اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ان کے حوصلے اور عزم کی تعریف کی انہوں نے کہا کہ سوئٹ ہوم جیسے ادارے معاشرتی بہبود کے لیے روشن مثال ہیں اور یہ ہمارے معاشرے کی امید ہیں ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بچوں کو تحائف پیش کیے اور ان کے بہتر و روشن مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، سوئٹ ہوم کے بچوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنی خوشی اور دلی مسرت کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ تمام بچے ہمارے روشن مستقبل کی نوید ہیں ان کی اچھی تعلیم و تربیت ہماری ذمہ داری ہے بلوچستان حکومت یتیم بچوں کی کفالت اور ان کی بہتر نشوونما کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی انہوں نے کہا کہ سوئٹ ہوم اسلام آباد کی طرز پر بلوچستان میں بھی ایک مثالی ادارہ قائم کیا جائے گا جہاں جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ یتیم بچوں کو بہتر مستقبل کی ضمانت دی جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں کی فلاح و بہبود کے منصوبے پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں اور ان پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ایسے فلاحی ادارے معاشرتی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں اور حکومت ان کی ہر ممکن معاونت کرے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئٹ ہوم کے بچوں کو گفٹ دے رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | منگل 21 جنوری 2025ء بمطابق 20 رجب 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 21

## گوادر ایئرپورٹ کا افتتاح

# پہلی پرواز لینڈ کر گئی، استقبال گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان و وفاقی وزیر دفاع نے کیا

قومی ایئرلائن کی پرواز پی کے 503 نے گوادر ایئرپورٹ پر لینڈ کیا اُترنے پر واٹر سلیوٹ دیا گیا' گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ ہے

یہ ایئرپورٹ گوادر شہر سے 26 کلومیٹر دور 50 ارب روپے کی مالیت سے تعمیر کیا گیا ہے' ایئربس اور بوئنگ جیسے طیارے لینڈ کر سکیں گے

گوادر/کوئٹہ (پ ر) گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ آج سے آپریشنل ہوگیا جب کہ پہلی پرواز بھی لینڈ کر گئی۔ ترجمان پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ آپریشنلائزیشن سے متعلق افواہوں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ ترجمان پی اے اے نے اپنے بیان میں کہا کہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ طے شدہ شیڈول کے مطابق 20 جنوری کو فعال ہوگیا لہٰذا بارشوں کے باعث نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی آپریشنلائزیشن منسوخی کی خبریں بے بنیاد ہیں، لوگ افواہوں پر کان نہ دھریں اور معلومات کے لیے صرف مصدقہ ذرائع پر انحصار کریں۔ کراچی سے پہلی پرواز گوادر ایئرپورٹ پر لینڈ کر گئی جس کا استقبال گورنر و وزیراعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کیا، قومی ایئر کی پرواز پی کے 503 نے 14:11 بجے نیو گوادر ایئرپورٹ پر لینڈ کیا۔ قومی ایئر لائن نے گوادر کی پرواز کے لیے حسب سابق اے ٹی آر طیارہ استعمال کیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق کراچی سے اس پرواز کی کی روانگی میں 45 منٹ تاخیر کی گئی، پرواز صبح 14:9 کی بجائے 10 بجے روانہ ہوئی، کراچی سے گئی پہلی پرواز کو نیو گوادر ایئرپورٹ پر اترنے پر واٹر سلیوٹ دیا گیا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ ہے جو 430 ایکڑ پر گوادر شہر سے 26 کلومیٹر دور گورنڈانی کے مقام پر قائم کیا گیا ہے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ کا ایک ہی رن وے 3658 میٹر طویل اور 75 میٹر چوڑا ہے جس میں بڑے ہوائی جہاز کو ایڈجسٹ کرنے کی گنجائش ہے۔ لگ بھگ 50 ارب روپے مالیت سے تعمیر کردہ ایئرپورٹ پر ایئربس اے 380 اور بوئنگ 747 جیسے بڑے طیارے بھی لینڈ کر سکیں گے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ کا علامتی افتتاح 14 اکتوبر 2024 کو وزیراعظم شہباز شریف نے کیا تھا تاہم ایئرپورٹ پر پروازوں کی باقاعدہ لینڈنگ شروع ہوگئی ہے۔



گوادر، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 21 جنوری 2025ء


# بلوچستان میں عوام کی زندگیوں میں تبدیلی لانیوالے منصوبے شروع کیے جائینگے، سرفراز بگٹی

**گوادر ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچے گا**

**مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، حکومت مقامی افراد کے مشوروں کو اہمیت دیتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا ساجد دشتی کی گھر پر عمائدین اور وفود سے ملاقات**

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ جدید ہوائی اڈہ خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ یہاں کے عوام کو پہنچے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ سی پیک کے تحت ایک اہم اقدام ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم اور پرکشش بنائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں مزید ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے جو بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائیں انہوں نے تقریب میں موجود حکومتی نمائندوں، مقامی افراد اور ماہرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ کامیاب آغاز اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں قبائلی رہنما، میر ساجد دشتی کے گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر مقامی افراد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، بجلی، صحت اور تعلیم کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، اس لیے حکومت ہر منصوبے میں مقامی قیادت کے مشوروں کو اہمیت دے رہی ہے اس موقع پر قبائلی رہنما، میر ساجد دشتی نے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جارہی ہے عمائدین نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا، جن پر انہوں نے فوری طور پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قبائلی رہنماؤں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

Bullet No. 1

Page No. 14



## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی

## ملاقات میں صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیراعلیٰ کو ایس بی کے ٹیسٹنگ کے تحت

(بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 2 پر)

کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019 کی پالیسی کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جا رہا ہے جو کہ طور پر آئندہ دو ہفتوں میں یہ پراسیس مکمل کر لیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں انہوں نے تاکید کی کہ حق دار کو اس کا حق دیا جانا چاہیے اور اساتذہ کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے تاکہ تعلیمی ادارے مکمل طور پر فعال ہو سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے تمام بچے اسکول جائیں اور صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو



گوادر، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ آصف کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں




گوادر، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ آصف، گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب میں شریک ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 15

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد جمیل الرحمٰن
چیف ایڈیٹر: برکت علی
جلد 76 | منگل 21 جنوری 2025ء 20 رجب الرجب 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 142

# بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

اس مقصد کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائینگے، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کیلئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کریگا یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کیلئے تاریخی منصوبہ ہے

یہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب



گوادر۔ وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا یہ ایئرپورٹ نہ صرف (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ محمد آصف وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سوینئر دے رہے ہیں۔

بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ جدید ہوائی اڈہ خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ یہاں کے عوام کو پہنچے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ سی پیک کے تحت ایک اہم اقدام ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم اور پرکشش بنائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں مزید ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے جو بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائیں انہوں نے تقریب میں موجود حکومتی نمائندوں، مقامی افراد اور ماہرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ کامیاب آغاز اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | منگل 21 جنوری 2025ء 20 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 21


# ترقیاتی منصوبوں سے صوبے کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لائیں گے

**وزیراعلیٰ بلوچستان**

**گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کیلئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا**


**حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے**

گوادر (این این آئی، خ ن) گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا، ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی، معاشی اور سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتاحی تقریب کے دوران کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو


باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 26


خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا۔ گودار انٹرنیشنل ایئر پورٹ کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ ایئرپورٹ جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ ہے جو بڑے ہوائی جہازوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہ جدید ہوائی اڈہ خطے کو دنیا کے بڑے شہروں سے جوڑے گا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت کے شعبے میں بے پناہ ترقی ہوگی جس کا براہ راست فائدہ یہاں کے عوام کو پہنچے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ سی پیک کے تحت ایک اہم اقدام ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم اور پرکشش بنائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں مزید ایسے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے جو بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائیں انہوں نے تقریب میں موجود حکومتی نمائندوں، مقامی افراد اور ماہرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا یہ کامیاب آغاز اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے وزیراعلی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی ان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ دریں حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے ۔ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قبائلی رہنماء میر ساجد دشتی کے گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں قبائلی رہنماء میر ساجد دشتی کے گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر مقامی افراد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، بجلی، صحت اور تعلیم کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا ،اس لیے حکومت ہر منصوبے میں مقامی قیادت کے مشوروں کو اہمیت دے رہی ہیاس موقع پر قبائلی رہنماء میر ساجد دشتی نے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے موثر حکمت عملی اپنائی جارہی ہے عمائدین نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا، جن پر انہوں نے فوری طور پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قبائلی رہنماؤں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔مزید وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیراعلیٰ کو "ایس بی کے" ٹیسٹنگ کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019 کی پالیسی کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جارہا ہے متوقع طور پر آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں یہ پراسیس مکمل کرلیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں انہوں نے تاکید کی کہ حق دار کو اس کا حق دیا جانا چاہیے اور اساتذہ کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے تاکہ تعلیمی ادارے مکمل طور پر فعال ہوسکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام تعلیمی ادارے فعال ہوں اور معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جائے تمام بچے اسکول جائیں اور صوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو۔

منگل 20 رجب المرجب 1446ھ، 21 جنوری 2025ء




گوادر، وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ آصف کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں



گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر ایوی ایشن خواجہ آصف وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کو سوینئر دے رہے ہیں

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ 341 | MEMBER OF APNS / رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 Ph :2839851 / منگل 21 جنوری 2025ء، 20 رجب المرجب 1446ھ | جلد 27 |


# نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ مکمل فعال پہلی پرواز لینڈ کر گئی

**خطہ میں مواصلاتی رابطے کے فروغ کی طرف اہم قدم ہے شہباز شریف، سرفراز بگٹی**

**کراچی سے پہلی کمرشل پرواز مسافروں کو لے کر گوادر پہنچ گئی، گورنر نے فلائٹ میں دوران سفر کیک کاٹا، واٹر کینن سلامی، خواجہ آصف اور سرفراز بگٹی نے استقبال کیا، باقاعدہ افتتاح، تقریب کا انعقاد**

**ایئر پورٹ فعال ہونے سے خطہ کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا، وزیر اعظم، اتحاد و اتفاق سے بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں، خواجہ آصف، بلوچستان کیلئے سنگ میل، روزگار کے مواقع ملیں گے، سرفراز بگٹی، معاشی و سیاحتی سرگرمیوں کا مرکز بنے گا، گورنر مندوخیل**

گوادر (آن لائن) گوادر میں پاکستان کے سب سے بڑے ہوائی اڈے کا افتتاح کر دیا گیا۔ پی آئی اے کی پرواز پی کے 503 کراچی سے گورنر اور 46 مسافروں کو لیکر گوادر پہنچی، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے پہلی پرواز کے مسافروں کو پھول

گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیا اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا، گوادر ایئر پورٹ کا فعال ہونا نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم ہے، گوادر ایئر پورٹ کے فعال ہونے سیسی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا پیر کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ آج اللہ کے فضل و کرم سے گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیا اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کیلئے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر ایئر پورٹ کا فعال ہونا سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج ہم چینی صدر شی جن پنگ اور محمد نواز شریف کے سی پیک کے ذریعے پاکستان و خطے کی ترقی کے مشترکہ عزم کی تکمیل کے مزید قریب پہنچ گئے، اللہ کے فضل و کرم سے سی پیک کی شروعات محمد نواز شریف کے دور سے ہوئی اور اس کے اہم سنگ میل بھی ان کی قیادت میں عبور ہو رہے ہیں وزیر اعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم چینی قیادت اور چینی حکومت کی مشکور ہے، بین الاقوامی سہولیات سے آراستہ گوادر ایئر پورٹ پاک چین دوستی کی اعلی مثال ہے، چین پاکستان کا دوستی بھائی ہے جس نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وزیر دفاع و ہوا بازی خواجہ آصف، وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان، سکیورٹی پر مامور افسران، اہلکار اور عسکری قیادت کو ایئر پورٹ کی تعمیر کیلئے دن رات انتھک محنت پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وزیر تعلیم راحیلہ درانی کی ملاقات

**ہم چاہتے ہیں شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم ہر فرد کی دسترس میں ہو، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے میں تعلیمی ترقی اور اساتذہ کی بھرتی کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے وزیر تعلیم نے وزیر اعلی کو "ایس بی کے" ٹیسٹنگ کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے عمل میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بھرتی کا عمل آخری مراحل میں ہے اور یہ 2019 کی پالیسی کے مطابق مکمل طور پر میرٹ پر کیا جا رہا ہے متوقع طور پر آئندہ ڈیڑھ سے دو ہفتوں میں یہ مرحلہ مکمل کر لیا جائے گا تاکہ اساتذہ کی بھرتی کر کے تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسٹاف کی کمی کو دور کیا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم کو ہدایت کی کہ تمام بھرتیاں شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 20 — منگل 21 جنوری 2025ء 20 رجب المرجب 1446ھ — شمارہ 284

Bullet No. 1 — Page No. 2

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے ہمراہ اس تاریخی پرواز اور اس کے مسافروں کا استقبال کیا

# پہلی کمرشل پرواز نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کر گئی

پہلی کمرشل پرواز نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کر گئی، وزیر دفاع و ہوا بازی خواجہ محمد آصف، گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ نے استقبال کیا: پہلی کمرشل پرواز پیر کو نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کامیابی سے لینڈ

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے ہمراہ اس تاریخی پرواز اور اس کے مسافروں کا استقبال کیا۔ اپنے خطاب میں خواجہ آصف نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی، علاقائی سیاحت، اور بین الاقوامی رابطوں کو فروغ دینے میں اہمیت

گوادر (یو این اے) پہلی کمرشل پرواز نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کر گئی، وزیر دفاع و ہوا بازی خواجہ محمد آصف، گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ نے استقبال کیا: پہلی کمرشل پرواز پیر کو نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کامیابی سے لینڈ کر گئی، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ

بقیہ 2 صفحہ 8 پر

ایئرپورٹ آپریشنز کا افتتاح، پاکستان کی ہوا بازی اور علاقائی رابطوں کے نئے دور کا آغاز ہے۔ پاکستان نے پیر کو اپنی ہوابازی کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل عبور کیا، جب پہلی کمرشل پرواز نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کامیابی سے لینڈ کر گئی۔ پی آئی اے کی پرواز PK-503 کراچی سے صبح 9:50 بجے روانہ ہوئی اور 11:15 بجے گوادر کی جدید سہولیات سے آراستہ ہوائی اڈے پر اتری۔ 49 مسافروں کو لے کر آنے والی یہ پرواز نیو گوادر ایئرپورٹ کے باقاعدہ آپریشنز کے آغاز کی علامت تھی۔ وزیر دفاع و ہوا بازی خواجہ محمد آصف، جو اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے، نے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے ہمراہ اس تاریخی پرواز اور اس کے مسافروں کا استقبال کیا۔ اپنے خطاب میں خواجہ آصف نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی، علاقائی سیاحت، اور بین الاقوامی رابطوں کو فروغ دینے میں اہمیت پر زور دیا۔ دیگر معزز مہمانوں میں ڈائریکٹر جنرل ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) میجر جنرل عدنان، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) ایئر وائس مارشل ذیشان سعید، سی او سی 44 ڈویژن میجر جنرل عدنان سرور ملک، پاک بحریہ کے ریئر ایڈمرل عدنان، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ایئرپورٹس صادق الرحمن، اور ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن شامل تھے۔ تقریب کے دوران وزیر دفاع خواجہ آصف نے نیو گوادر ایئرپورٹ کی کامیابی میں کردار ادا کرنے والے معزز مہمانوں کو اسناد اور شیلڈز پیش کیں۔ اعزازات حاصل کرنے والوں میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل، سیکرٹری ایوی ایشن احسن منگی، سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات، ڈی جی اے ایس ایف میجر جنرل عدنان سرور ملک، ریئر ایڈمرل عدنان اور متعلقہ سکیورٹی جات کے اہلکار شامل تھے۔ سوائی سیکرٹری ایوی ایشن احسن منگی اور ڈی جی پی اے اے ایئر وائس مارشل ذیشان سعید نے وزیر دفاع خواجہ آصف کو پاکستان کے ہوا بازی کے شعبے کی ترقی میں ان کی قیادت کے اعتراف میں شیلڈ پیش کی۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پاکستان کو عالمی منڈیوں سے منسلک کرنے، تجارت، سیاحت، اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ پی آئی اے کی پرواز PK-503 کی کامیاب لینڈنگ گوادر کو ایک علاقائی اور عالمی تجارتی مرکز کے طور پر اس کی مکمل صلاحیتوں کے حصول کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

## بلوچستان کے عوام کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بگٹی

حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدید اقدامات کر رہی ہے

بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے قبائلی عمائدین اور عوام کے تعاون سے گوادر سمیت تمام علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدید اقدامات کر رہی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں قبائلی رہنما میر ساجد بلیدی کے

بقیہ 4 صفحہ 8 پر

گھر پر علاقے کے عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر ساتی افراد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، بجلی، صحت اور تعلیم کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور حکومت ان کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ مقامی لوگوں کی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا، اس لیے حکومت ہر منصوبے میں مقامی قیادت کے مشوروں کو اہمیت دے رہی ہے اس موقع پر قبائلی رہنما میر ساجد بلیدی نے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں گوادر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے عمائدین نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Balochistan Times

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 985 QUETTA Tuesday January 21, 2025 /Rajabul Murajjab 20, 1446

# PIA's first flight lands at newly-built Gwadar International Airport

## CM terms launching of GIA milestone for Balochistan's development

**Staff Report**

QUETTA: Pakistan celebrated a significant milestone in aviation on Monday with the historic landing of the first commercial flight at the New Gwadar International Airport.

PIA flight PK-503 departed from Karachi at 9:50 AM with 46 passengers on board and touched down at Gwadar's state-of-the-art facility at 11:15 AM, marking the official commencement of operations at the newly inaugurated airport.

Defence and Aviation Minister Khawaja Muhammad Asif and Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti along other dignitaries were present to welcome the flight, highlighting the airport's potential in strengthening Pakistan's economic growth, regional tourism, and international connectivity. "This new airport is not just an aviation hub; it's a symbol of Gwadar's emerging role as a critical point for trade and development," said the minister during the welcome ceremony.

The airport will enhance Pakistan's connectivity, offering additional access to the UAE, Europe, Far East, Central Asia and Africa.

The first-ever flight PK-503 received water salute as soon as it touches the ground of the Gwadar International Airport.

The New Gwadar International Airport, covering 4,300 acres, is Pakistan's largest airport.

CM Balochistan termed the Gwadar inauguration of International Airport (GIA) is a milestone for the development of Balochistan which would lead the province on new paths of prosperity and economic stability. He said that this airport is a historic project not only for Balochistan but also for the whole of Pakistan which would be helpful in promoting trade activities at national and international levels.

Addressing at the inauguration ceremony of Gwadar International Airport, he said that this airport is equipped with modern technology and world-class facilities which is capable of handling large aircraft. He said that this modern airport would connect the area with major cities of the world saying that the completion of Gwadar International Airport could bring immense development in the investment, trade and tourism sectors in the province which would directly benefit the people. Bugti said that this project would provide employment opportunities to the local people and increase training and job opportunities for the youth. "The people of Gwadar have always played a key role in the development of Balochistan and their cooperation is the foundation of our successes," he said. He said that this project is an important initiative under China-Pak Economic Corridor (CPEC) which could make not only Balochistan but the entire Pakistan more stable and attractive internationally.

He expressed his determination that more such development projects would be launched in the province that could bring positive change in the lives of the people of Balochistan. Thanking the government representatives, local people and experts present, he said that this successful launch of Gwadar International Airport is the result of collective efforts. The CM reiterated his resolve that the development and prosperity of Balochistan is his top priority and all possible steps could be taken for this purpose.

CamScanner

# Bugti vows to take all efforts for Gwadar's development

Staff Report

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday said that provincial government is taking serious steps for the development of all areas including Gwadar and the solution of public problems with the cooperation of tribal elders and people of the province.

He said this during a meeting with elders and public delegations of the area at the house of tribal leader Mir Sajid Dashti in Gwadar. On this occasion, local people informed Balochistan Chief Minister about their problems.

The Chief Minister said that the problems being faced by the people of Gwadar, especially the problems of water, electricity, health and education would be solved on priority basis. He said that the coastal areas of Balochistan are of utmost importance for the country's economy and the government is taking practical steps for their development. The CM emphasized that no project could be successful without the participation of the local people, therefore, the government is giving importance to the suggestions of the local leadership in every project.

On this occasion, tribal leader Mir Sajid Dashti thanked the Chief Minister and said that under his leadership, Gwadar work on development projects is underway and effective strategies are being adopted to address the problems of the people. The elders also informed the Chief Minister about their problems and suggestions, on which he immediately issued instructions to the concerned authorities to address their legal problems. While appreciating the cooperation of the tribal leaders, the CM said that the government is utilizing all resources to serve the people so that they would no face difficulties in the areas of the province.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 1

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 23


## گوادرائیرپورٹ کااقتصادی ترقی اورسیاحت کے فروغ میں اہم کردار ہوگا،سلیم کھوسہ

**پاکستان اورچین کے درمیان سی پیک منصوبہ ملک کی تقدیر بدلنے کا ضامن ہے، بیان**

کوئٹہ (خ ن)صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات وپارلیمانی سیکرٹری مسلم لیگ(ن)بلوچستان میرسلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ گوادر ائیر پورٹ کاپاکستان کی اقتصادی ترقی،علاقائی سیاحت کے فروغ میں کلیدی کردار ہوگا۔انہوں نے گوادرانٹرنیشنل ائیرپورٹ کوملکی ترقی کے لیےاہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہاکہ گوادرائیرپورٹ کاپاکستان کی اقتصادی ترقی،علاقائی سیاحت کے فروغ میں کلیدی کردار ہوگا،گوادرائیرپورٹ کااقتصادی ترقی کے حوالے سے عالمی مارکیٹ بالخصوص سیاحت اورتجارت کے فروغ میں کلیدی کردار ہوگا۔ایک بیان میں انہوں نے کہاکہ پیر کے روز پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز کاپی کے 503 کی گوادرانٹرنیشنل ائیرپورٹ پرکامیاب لینڈنگ سے ائیرپورٹ مکمل طور پرآپریشنلائز ہوگیا۔انہوں نے کہاکہ پاکستان اورچین کے درمیان شروع ہونے والا سی پیک منصوبہ ملک کی تقدیر بدلنے کا ضامن منصوبہ ہے اور سی پیک کے تحت گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ کاتعمیراتی کام تکمیل تک پہنچ گیااب اس ائیرپورٹ سے ملک بھر میں فلائٹ آپریشن جاری رہے گی جس سے گوادرہوائی راستے کے ذریعے ملک کے دیگرعلاقوں سے کنکٹ رہے گا۔

## جامعہ بلوچستان کی سالانہ رپورٹ میں بہتری،وزیرخزانہ کی جانب سے مبارکباد پیش

**یہ کامیابی پوری یونیورسٹی کیمیونٹی وائس چانسلر،فیکلٹی،عملے اورطلباء کی غیرمتزلزل لگن اورمحنت کا منہ بولتا ثبوت ہے،شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر)وزیرخزانہ میرشعیب نوشیروانی نے جامعہ بلوچستان کو اس کی سالانہ پیشرفت رپورٹ میں نمایاں بہتری پردلی مبارکباد پیش کی ہے۔یہ کامیابی پوری یونیورسٹی کیمیونٹی جامعہ کے وائس چانسلر،فیکلٹی،عملہ،طلباء،اورسابق طلباء کی غیرمتزلزل لگن اورمحنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے تعلیم،تحقیق،اورجدت طرازی کے لیے پوری ٹیم کے عزم کوسراہا۔اورکہاکہ یہ پہچان تعلیمی منظر نامے میں یونیورسٹی کی شاندارشراکت کی ایک مستند تصدیق کے طور پر کام کرتی ہے۔اور مستقبل میں جامعہ تعلیمی،تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ سمیت صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے اپنی کاوشوں کو بروئےکارلاتے ہوئے اپنے خدمات کویقینی بنائے گی۔

## گوادرائیرپورٹ کی فعالیت سے صوبے میں خوشحالی کی راہیں کھلیں گی،صادق عمرانی

**بلوچستان کی ترقی اورخوشحالی کیلئے کی جانیوالی کوششوں کے ثمرات جلدعوام تک پہنچنا شروع ہوجائینگے**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر،پیپلزپارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن وپارلیمانی لیڈراورصوبائی وزیرآبپاشی میرمحمد صادق عمرانی نے گوادرانٹرنیشنل ائیرپورٹ کے افتتاح پرخوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس اہم منصوبے کو بلوچستان کی ترقی میں ایک سنگ میل قرار دیا ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ گوادرائیرپورٹ کی فعالیت سے صوبے میں خوشحالی اورمعاشی استحکام کی نئی راہیں کھلیں گی،میرصادق عمرانی نے کہاکہ موجودہ حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں کررہی ہے اس کے ثمرات جلدصوبے کےعوام تک پہنچنا شروع ہوجائیں گے،انہوں نے کہا کہ گوادرائیرپورٹ جیسے اہم منصوبے سے نہ صرف ملکی اوربین الاقوامی سطح تجارت،سیاحت اور سرمایہ کاری کوفروغ ملے گا بلکہ اس منصوبے سے نوجوانوں کوروزگار کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے،میرصادق عمرانی نے کہاکہ سی پیک سے متعلقہ منصوبوں کی مرحلہ وارتکمیل سے بلوچستان کی تعمیرو ترقی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معاشی سرگرمیوں میں بھی خاطرخواہ اضافہ ہوگا،اس موقع پرصوبائی وزیر نے امید کا اظہار کیا کہ سی پیک کے مغربی روٹ پرکام کی رفتارکوتیز کرنے کیلئے وفاقی حکومت ضروری اقدامات کرے گی۔


Century Express Quetta


## گوادرایئرپورٹ ترقی کے دروازے کھولے گا،ربابہ بلیدی

**نیوگوادرانٹرنیشنل ایئرپورٹ خوشحالی اور روزگار کے مواقع لائیگا**

کوئٹہ(خ ن)صوبائی مشیربرائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان ڈاکٹرربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ نیوگوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی فعال حیثیت پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔یہ عظیم الشان منصوبہ نہ صرف اقتصادی ترقی کے دروازے کھولے گا بلکہ بلوچستان کے سیاحتی شعبے کوبھی تقویت بخشے گااور ملک کوبین الاقوامی سطح پرمزید مربوط کرے گا۔انہوں نے کہاکہ جدید سہولیات اور عالمی معیار کے مطابق تعمیر کیا گیانیوگوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ بلوچستان کے عوام کے لیے خوشحالی اور روزگار کے بے شمار مواقع لے کرآئے گا۔یہ منصوبہ خطے کودنیا کے بڑے شہروں سے منسلک کرے گا، جس سے تجارتی روابط کووسعت ملے گی اور سرمایہ کاری کوفروغ حاصل ہوگا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے تربیت اورملازمت کے بے پناہ مواقع پیدا کرے گا،جبکہ مقامی معیشت کومستحکم کرنے میں کلیدی کردارادا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اس ایئرپورٹ پرپروازوں کی آمدورفت نہ صرف صوبے میں سیاحت کوتقویت ملے گی بلکہ یہ پورے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں بھی سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیوگوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی کامیاب تکمیل کرکے اسے آپریشنل کرنے کوسراہا اور امید ظاہر کی کہ یہ منصوبہ مستقبل میں بلوچستان کی خوشحالی کاضامن بنے گا۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان،61فیصد گیس ضائع،صرف39فیصد کی قیمت وصول کی جاتی ہے،مصدق ملک

**گیس کے نئے ذخائردریافت ہونے کے بعدعوام کی مشکلات کا خاتمہ ہوگا،ایوان بالا میں خطاب**

اسلام آباد(آن لائن) ایوان بالا کو وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے بتایا ہے کہ بلوچستان میں 61فیصد گیس ضائع ہوجاتی ہےاورصرف39فیصد گیس کی قیمت وصول کی جاتی ہےانہوں نے کہاکہ گیس کے نئے ذخائر دریافت ہونے کے بعدعوام کی مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔سوموارکوایوان بالا میں سینیٹرکامران مرتضیٰ کی جانب سے بلوچستان میں قدرتی گیس کی شدیدقلت کے حوالے سے توجہ


بقیہ نمبر60صفحہ5پر


دلاؤنوٹس کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیرپٹرولیم مصدق ملک نے کہاکہ یہ درست ہے کہ ہمیں سردیوں میں گھریلوضروریات کیلئے جتنی گیس کی ضرورت ہے وہ موجودنہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 24


# عوام کو پانی کی فراہمی کیلئے اسکیموں کا فنڈز بڑھایا جائے، سنجے کمار پنجوانی

واٹر سپلائی سکیمز کی سولر سسٹم پر منتقلی وقت کی ضرورت بن چکی عوام کو دن بھر پانی کی فراہمی جاری رہے گی

**ڈیرہ مراد جمالی میں بوسیدہ پائپ لائنوں کی وجہ سے بدبودار پانی سے مسائل جنم لے رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری**

نصیر آباد (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ نصیر آباد آفس کا دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے پی ایچ ای کے تالابوں فلٹریشن پلانٹ اور پانی کے تقسیم کار کے عمل کے متعلق آگاہی حاصل کی ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ نصیر آباد حفیظ الرحمن ہاشمی نے انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں چھ واٹر سپلائی اسکیم ہیں جہاں سے روزانہ سینکڑوں گیلن پانی فراہم کیا جاتا ہے پرانی پائپ لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں جبکہ بجلی کی فراہمی میں تعطل ہمارے لئے مسائل میں مزید اضافہ ہو رہا ہے اس موقع پر روشن راج۔ سب انجینئر محمد ایوب بھٹو وجے کمار۔ تانک کمار۔ راہل کمار سمیت دیگر موجود تھے اس موقع صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے کہا کہ ڈیرا مراد جمالی میں آبنوشی کی بہتر معنوں میں فراہمی کے لیے میگا پروجیکٹس کی اشد ضرورت ہے بوسیدہ پائپ لائنوں کی وجہ سے بدبودار پانی سے مسائل جنم لے رہے ہیں ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے لیے خطیر رقم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہر بھر میں نئی پائپ لائنیں بچھائی جائیں جو کہ سیوریج کی لائنوں سے دور رہیں انہوں نے کہا کہ تمام واٹر سپلائی سکیموں کی سولر سسٹم کی منتقلی وقت کی ضرورت بن چکا ہے جس سے لوگوں کو دن بھر آبنوشی کی فراہمی جاری رہے گی

# ژوب، خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر فورسز کو خراج تحسین، وزیر صحت

## پاکستان کی سرحدیں محفوظ ہیں، افواج ہر چیلنج کے لیے تیار ہیں، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ژوب کے علاقے سمبازی میں خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر اظہار اطمینان اور سیکورٹی فورسز کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ خوارج کی دراندازی ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے خوارج کو واصل جہنم کر کے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے اور علاقے کی عوام کو بڑی تباہی ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سے بچایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بہادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی پاکستان کی سرحدیں محفوظ ہیں، افواج ہر چیلنج کے لیے تیار ہیں عوام اور حکومت اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑے تھے اور رہیں گے۔

# صوبے میں معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ولی نورزئی

**تعلیم نہ صرف روشنی بلکہ یہ کامیابی کی طرف بڑا قدم ہے، پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) رکن صوبائی اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود الحاج ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے پسماندہ اضلاع میں بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑینگے تعلیم نہ صرف روشنی بلکہ آگے چلنے کیلئے ایک بہترین راہ ہے اور یہ کامیابی کی طرف ایک بہت بڑا قدم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارلیمانی جماعتی اجلاس برائے حقوق اطفال کے زیر اہتمام اسلام آباد میں قومی تعلیمی ایمرجنسی ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اور سکول سے باہر بچوں کے موضوع پر ایک تعارفی اور قومی سمپوزیم کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے اعلان کردہ تعلیمی ایمرجنسی پر روشنی ڈالی انہوں نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے اپیل کی کہ وہ ملک بھر خصوصا بلوچستان میں تعلیم کی بہتری کیلئے بھرپور اقدامات کریں اس موقع پر مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ پالیسی سازوں، اساتذہ، اور سول سوسائٹی کو مشترکہ طور پر کام کرنا ہوگا تاکہ تمام خاص طور پر پسماندہ علاقوں کے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کی جا سکے پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے سمپوزیم کے دوران بلوچستان میں تعلیم پر خصوصی توجہ دینے کی درخواست کی انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، لیکن اس کی آبادی پنجاب کے شہر لاہور کے برابر ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان میں تعلیمی ترقی کیلئے زیادہ محنت اور وسائل کی ضرورت ہے تاکہ بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جاسکیں حاجی نورزئی نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے اپیل کی کہ وہ بلوچستان کے تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے مشترکہ اور موثر اقدامات اٹھائیں انہوں نے کہا کہ ہم اپنی مدت میں ہر ضلع کا دورہ کر کے معیاری تعلیم کیلئے اقدامات اٹھائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 25


## نوجوان قوم کا سرمایہ، ان کی ترقی خوشحالی کی ضمانت ہے، چیف سیکرٹری

### حکومت اور عوام کے اشتراک سے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ حکومت اور عوام کے اشتراک سے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہیں جنہوں نے آگے بڑھ کر ملک باگ ڈور سنبھالنی ہے بی آر ایس پی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کی جانب سے تربیتی پروگرام بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے ایک اہم موقع ہے ایسے منصوبے نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے میں کلیدی کردارادا کرتے ہیں ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کے باہمی اشتراک سے آئی آر ایم میں تربیت حاصل کرنے والے نوجوانوں لڑکوں اور لڑکیوں میں سرٹیفکیٹ اور ٹول کٹس، لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، چیئرمین بی آر ایس پی ملک انور سلیم کاسی اور پی پی اے ایف کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالرحمن سمیت علماء کرام سول سوسائٹی اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کی ترقی کسی بھی خطے کی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے اس تربیتی پروگرام کو بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک اہم موقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے نوجوانوں کو معاشی طور پر خود مختار بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ایسے تمام اقدامات کی مکمل حمایت جاری رکھے گی جو عوامی بہبود اور ترقی کے لیے ترتیب دیے جائیں۔ چیف سیکرٹری نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ اس تربیت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ چیف سیکرٹری نے بی آر ایس پی اور پی پی اے ایف کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا اور اس بات کا یقین دلایا کہ حکومت اور عوام کے اشتراک سے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## نوجوان نسل کی ترقی، کسی بھی خطے کی خوشحالی کی ضامن ہے، چیف سیکرٹری

### بی آر ایس پی و پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کی جانب سے تربیتی پروگرام نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کیلئے سنہرا موقع ہے، قادر شکیل خان

### حکومت اور عوام کے اشتراک سے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، ایسے تمام اقدامات کی مکمل حمایت جاری رکھیں گے

### ایسے منصوبے نوجوانوں کو خودمختار بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں آئی آر ایم میں تربیت مکمل کرنے والے نوجوانوں کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کی ترقی کسی بھی خطے کی خوشحالی کی ضمانت ہے، بی آر ایس پی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کی جانب سے تربیتی پروگرام بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے ایک اہم موقع ہے ایسے منصوبے نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں یہ بات انہوں نے پیر کو بلوچستان ........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کے باہمی اشتراک سے آئی آر ایم میں تربیت حاصل کرنے والے نوجوانوں لڑکوں اور لڑکیوں میں سرٹیفکیٹ اور ٹول کٹس، لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، چیئرمین بی آر ایس پی ملک انور سلیم کاسی اور پی پی اے ایف کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالرحمان سمیت علماء کرام سول سوسائٹی اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان پاکستان غربت مٹاؤ فنڈ کے زیراہتمام ٹریننگ سے فارغ التحصیل طلباء وطالبات میں اسناد تقسیم کررہے ہیں



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان پاکستان غربت مٹاؤ فنڈ کے زیراہتمام سرٹیفکیٹس اور ٹول کٹس تقسیم کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 26


## نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا فعال ہونا سنگ میل ہے، ڈی جی پی اے اے

### ایئرپورٹ کے فعال ہونے سے گوادر ایک معاشی مرکز کے طور پر ابھرا ہے، ایئر وائس مارشل ذیشان سعید

گوادر (یو این اے) ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) ایئر وائس مارشل ذیشان سعید نے کہا ہے کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا مکمل فعال ہونا ایک سنگ میل ہے جس پر چین کے شکرگزار ہیں، ایئرپورٹ کے فعال ہونے سے گوادر ایک معاشی مرکز کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر

طور پر ابھرا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی آپریشنلائزیشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہوائی اڈہ جدید ترین عالمی سہولیات سے آراستہ ہے جو سی پیک کا تزویراتی حصہ ہے اور گوادر کو شرق وسطی، وسط ایشیا، چین اور دیگر ممالک سے ملائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہوائی اڈہ جغرافیائی اعتبار سے تاریخی ایئر روٹ خلیج عمان کے قریب اور لندن کراچی کوریڈور جیسے روٹ پر واقع ہے جہاں سے 260 پروازیں گزرتی ہیں جس سے ایئرلائنز کو کارگو، ری فیولنگ، آپریشن اور تکنیکی سٹاپ فراہم کرنا ایک سنگ میل ہے۔ انہوں نے ایئرپورٹ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا تفصیلی احاطہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پروجیکٹ (این جی آئی اے پی)، جو کہ چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کا ایک فلیگ شپ منصوبہ ہے، اب آپریشنل ہو گیا ہے۔ یہ سنگ میل پاکستان کی ہوابازی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور علاقائی رابطوں کو مضبوط کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ترین ایئرپورٹ پر انفراسٹرکچر، جس کی سالانہ گنجائش 4 لاکھ مسافروں کی ہے، 3.6 کلومیٹر طویل رن وے، جو بڑے طیاروں جیسے بوئنگ 747 اور ایئربس A380 کو سہولت فراہم کرنے کے قابل ہے، جدید ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم اور نیوی گیشنل ایڈز، جدید سکیورٹی خصوصیات اور مسافروں کی سہولتیں دستیاب ہوں گی۔ ذیشان سعید نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ضلع گوادر، بلوچستان کے علاقے گرانڈانی میں اسٹریٹجک محل وقوع رکھتا ہے اور تقریباً 4,300 ایکڑ کے رقبے پر محیط ہے، یہ منصوبہ تقریباً 246 ملین امریکی ڈالر کی لاگت سے تیار کیا گیا جس کی فنڈنگ حکومت پاکستان، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، سلطنت عمان کی گرانٹ اور حکومت چین کی گرانٹ سے کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایئرپورٹ کا سنگ بنیاد نومبر 2019 میں رکھا گیا تھا جبکہ اس کی تکمیل دسمبر 2024 میں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اب مکمل طور پر آپریشنل ہے، جہاں ملکی اور بین الاقوامی پروازوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے تمام ضروری بنیادی ڈھانچہ، سسٹم اور عملہ موجود ہے۔ یہ منصوبہ پاکستان اور چین کی مضبوط دوستی کا ثبوت اور سی پیک کا ایک اہم جزو ہے، جو اقتصادی ترقی، علاقائی رابطوں اور عوامی روابط کو فروغ دینے کیلئے بنایا گیا ہے۔

## بلوچستان، 15 ہزار 400 اسکولوں میں سے 12 ہزار بجلی سے محروم

### 9 ہزار اسکولوں کو پینے کا پانی دستیاب نہیں، 22 سو اساتذہ غیر حاضر 7 سو کو فارغ کیا جا چکا ہے، صالح ناصر

کوئٹہ (یو این اے) سیکرٹری تعلیم بلوچستان صالح ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹوٹل 15 ہزار 4 سو سکول ہیں جن میں 12 ہزار سکول بجلی سے محروم ہیں 9 ہزار سکول پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں 2200 اساتذہ غیر حاضر ہیں جن میں 700 کو ملازمت سے فارغ کیا جا چکا ہے جبکہ باقی 1500 کو نوٹس دیا جا چکا ہے جن کے خلاف کارروائی جاری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 13 بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

سے 14 ہزار اساتذہ کی آسامیاں خالی ہے گزشتہ برس 1000 بند سکولوں کو کھول دیے ہیں ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری تعلیم نے کہا کہ بہت سے سکول جو بند ہے وہ امن وامان کی وجہ سے بند ہیں ان میں خضدار آواران کے اضلاع کے سکولز شامل ہیں اسی طرح 13000 بچوں اور بچیوں مفت کھانا فراہم کر رہے ہیں جن میں نصف رقم حکومت بلوچستان جبکہ نصف رقم ڈونر ادا کر رہے ہیں ایک سوال کے جواب سیکرٹری تعلیم صالح ناصر نے کہا کہ اس سال مزید بند سکولوں کو کھول دیں گے تاہم اساتذہ کے ان خالی آسامیوں کو پر کرنے کے بعد مزید بند سکولز کھول دیں گے۔

## کوئٹہ اور پشین میں زرعی کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کا پہلا مرحلہ مکمل

### سولرائزیشن پر منتقل ہونے والے زرعی کنکشنز منقطع کر لیا گیا تاکہ مذکورہ زرعی صارفین دوبارہ کیسکو نیٹ ورک سے منسلک نہ ہو سکیں، ترجمان کیسکو

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی نے ضلع کوئٹہ اور پشین میں زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے پہلے مرحلہ (یعنی فیز ون) کا کام مکمل کر لیا ہے کیسکو کی جانب سے فیز ون میں شامل ضلع کوئٹہ اور ضلع پشین میں صرف اُن زرعی صارفین کے کنکشنز منقطع کر کے اُنکے ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور دیگر برقی آلات ہٹا دیئے گئے جنہیں حکومت کی جانب سے سولرائزیشن کی مد میں رقوم جاری کئے گئے تھے۔ کیسکو نے اس مہم کے دوران ضلع کوئٹہ اور پشین میں مجموعی طور پر صرف 494 ٹرانسفارمرز جبکہ 884 ایچ ٹی کھمبے اور ان سے منسلک برقی آلات اُتار دیئے گئے اور اس طرح 17 جنوری 2025 تک کیسکو نے پہلا مرحلہ (یعنی فیز ون) میں شامل زرعی کنکشنز کو کیسکو نیٹ ورک سے منقطع کر کے اُنکے برقی آلات اپنے تحویل میں لے لئے۔ حکومت کی جانب سے شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے 2699 زرعی صارفین کو پہلے مرحلہ (یعنی فیز ون) میں 5398 ملین روپے کی ادائیگی کردی گئی اور ان علاقوں میں 513 غیر قانونی زرعی کنکشنز بھی موجود تھے اور اس طرح کیسکو نے مجموعی طور پر ضلع کوئٹہ اور پشین میں 3212 زرعی کنکشنز منقطع کر دیئے۔ کیسکو ترجمان کے مطابق اس مہم میں زرعی صارفین کی جانب سے 2699 کنکشنز میں سے صرف 494 ٹرانسفارمرز اور 884 ایچ ٹی کھمبے اور انکے دیگر آلات کیسکو نے اپنی تحویل میں لے لیا جبکہ باقی ٹرانسفارمرز زمینداروں نے کیسکو کے حوالے نہیں کئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated 21 JAN 2025 Page No 29

Century Express Quetta

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 21 JAN 2025 Page No. 28


## بلوچستان ہائیکورٹ کے تین نئے ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا

**چیف جسٹس بلوچستان نے ان سے حلف لیا تقریب میں عدالت عالیہ کے ججز، چیف سیکرٹری اور وکلاء رہنماؤں کی شرکت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے تین نئے ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھا لیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے نئے ایڈیشنل ججز سے حلف لیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ میں نئے تعینات ہونے والے تین ایڈیشنل ججز کی حلف برداری کی تقریب بلوچستان ہائی کورٹ کے ایڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی۔ جس میں بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے تین نئے ایڈیشنل ججز محمد آصف ریکی، محمد ایوب ترین اور نجم الدین مینگل سے حلف لیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہونے والی حلف برداری کی تقریب میں بلوچستان ہائی کورٹ کے ججز، چیف سیکرٹری بلوچستان، اور وکلاء تنظیموں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔

MASHRIQ QUETTA

## عارضی اساتذہ بچوں کا مستقبل سنوار رہے ہیں ان کا مستقل ہونا ضروری ہے ڈی سی نصیر آباد

**آپ ایک ستون کی مانند ہیں جس پر مستقبل میں ملک کی بھاگ دوڑ اور ترقی کا وزن ڈالا جائے گا**

**طلبہ و طالبات تعلیم کے ذریعے ہی ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، منیر احمد خان کاکڑ**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار + خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے یونیورسٹی کیمپس نصیر آباد کا دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے کلاس رومز لائبریری کمپیوٹر لیب سمیت دیگر شعبوں میں زیر تعلیم بچوں سے ملاقات کی اس موقع پر یونیورسٹی کیمپس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر واجد فرحاد بلوچ نے انہیں آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں پر 800 سے زائد طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں جنہیں مختلف شعبوں میں علم کے زیور سے آراستہ کیا جا رہا ہے دو سو 49 بچے اور بچیاں اسکالرشپ لے رہے ہیں اسٹاف اور اسٹوڈنٹس کی حاضری بائیومیٹرک کے ذریعے کی جاتی ہے ایک کروڑ 24 لاکھ سے زائد اسکالرشپس کی رقم بچوں کے اکاؤنٹس میں منتقل کی جاتی ہے تمام امور میرٹ کی بنیاد پر جاری ہیں ہمیں سیکیورٹی ٹرانسپورٹ کی سہولیات سمیت دیگر مشکلات درپیش آرہی ہیں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کلاس رومز میں جائزے کے موقع پر طلبہ و طالبات سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آپ ایک ستون کی مانند ہیں جس پر مستقبل میں ملک کی بھاگ دوڑ اور تعمیر و ترقی کا وزن ڈالا جائے گا سوسائٹی ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا طلبہ و طالبات تعلیم کے ذریعے ہی ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں تاریخ پر نظر دوڑائی جائے تو ظاہر ہوتا ہے کہ تعلیم ہی کی بدولت دنیا نے ترقی کا سفر طے کیا ہے دین اسلام بھی ہمیں پڑھنے کا حکم دیتا ہے بہتر معاشرے کی تشکیل اور ترقی کا سفر آپ نے تعلیم ہی کے ذریعے انجام دینا ہوگا آپ اپنا فوکس صرف تعلیمی سرگرمیوں پر ہی مرکوز رکھیں منفی سرگرمیاں آپ کے مستقبل کو تاریک کر سکتی ہیں اساتذہ کرام آپ کے مستقبل کو سنوار رہے ہیں اس لیے اپنی تمام تر توجہ تعلیم کے حصول پر مرکوز کریں انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان کو اپنے پاؤں پر صحیح معنوں میں کھڑا ہونا ہوگا جو کہ وقت کا تقاضا بھی یہی کہتا ہے دور جدت کو خاطر ملحوظ رکھ کر ہمیں اقدامات کرنے ہوں گے

## تانبے اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر ریکوڈک میں ہیں

**2 لاکھ ٹن کاپر کنکریٹ اور ڈھائی لاکھ اونس سونا حاصل ہوگا، مارک برسٹو**

کوئٹہ (یو این اے) ریکوڈک سے تانبے اور سونے کی پیداوار 2028 تک شروع ہو جائیگی، بیرک گولڈ ابتدا میں کان سے 2 لاکھ ٹن کاپر کنکریٹ اور ڈھائی لاکھ اونس سونا حاصل ہوگا، مارک برسٹو گاڑیوں کی بیٹریوں، متبادل ذرائع سے بجلی کی پیداوار اور طلب میں اضافے کے باعث مستقبل قریب میں تانبے کی عالمی طلب بڑھ جائے گی، پاکستان میں تانبے اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر ریکوڈک سے 2028 تک پیداوار شروع ہو جائیگی......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بیرک گولڈ کے صدر اور سی ای او مارک برسٹو کے مطابق عالمی سطح پر ریکوڈک میں تانبا اور سونا کے سب سے بڑے ذخائر موجود ہیں، ریکوڈک سے معدنیات کی کان کنی کیلئے پہلے مرحلے میں 5.5 ارب ڈالر کے ترقیاتی اخراجات کئے جائیں گے

Century Express Quetta

## نوکنڈی میں ریکوڈک کے تعاون سے تربیتی پروگرام

نوکنڈی (خ ن) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) کے تعاون سے 15 روزہ پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام نوکنڈی میں پروگریسو ایجوکیشن نیٹ ورک (پی ای این) آر ڈی ایم سی میں شروع ہو گیا ہے۔ تربیت کا انتظام صوبائی ادارہ برائے اساتذہ تعلیم (PITE) کوئٹہ کے تجربہ کار ماسٹر ٹرینرز نے کیا تربیتی پروگرام کا (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

مقصد اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تدریسی طریقوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ افتتاحی سیشن میں ابتدائی تعلیم (ECE) اور ابتدائی تدریسی حکمت عملیوں پر توجہ مرکوز کی گئی جس میں شرکاء کو بنیادی علم اور عملی تکنیکوں سے آگاہ کیا گیا تربیتی سیشنز میں سیکھنے کا جامع تجربہ فراہم کرنے کے لیے مختلف موضوعات پر توجہ دی جائے گی یہ پروگرام ریکوڈک مائننگ کمپنی کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے عزم کی عملی مثال ہے اس تربیت سے پی ای این اسکولوں میں تدریسی طریقوں میں مثبت تبدیلیاں متوقع ہیں جو طلباء کی ہمہ جہت ترقی اور اداروں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گی۔

## وفاقی محتسب کے حکم پر گیس بل پر عائد جرمانہ ختم کر دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار دین محمد کے گیس بل پر عائد 29899 روپے جرمانہ ختم کروا دیا گیا وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار دین محمد نے درخواست دائر کی تھی کہ اس کے گیس بل پر SSGC کی جانب سے بلا جواز جرمانہ لگایا گیا ہے۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ اس نے اس حوالے سے گیس دفتر کے کئی چکر لگائے مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل آفس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا آغاز کیا اور گیس دفتر سے عملے کو طلب کر کے جواب مانگا متعلقہ محکمے کا عملہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا۔

## ریکوڈک سے 2028 تک سونے اور تانبے کی پیداوار شروع ہو جائے گی، سی ای او بیرک گولڈ

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان میں تانبا اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر ریکوڈک سے 2028 تک پیداوار شروع ہو جائیگی۔ بیرک گولڈ کے صدر اور سی ای او مارک برسٹو کے مطابق عالمی سطح پر ریکوڈیک میں تانبا اور سونا کے سب سے بڑے ذخائر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک سے معدنیات کی کان کنی کیلئے پہلے مرحلہ میں 5.5 ارب ڈالر کے ترقیاتی اخراجات کئے جائیں گے اور 2028 تک کان سے 2 لاکھ ٹن کاپر (تانبا) کنکریٹ اور 2 لاکھ 50 ہزار اونس سونا کی سالانہ پیداوار شروع ہو جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 30

# پاسپورٹ کی شرط مضحکہ خیز، نادرا نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، مولانا واسع

## ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے صوبے کی نصف سے زیادہ آبادی کو بے روزگار کرنا ناقابل برداشت ہے، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ/چمن (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور ارکان صوبائی اسمبلی ورہنماؤں نے کہا ہے کہ ایک ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے صوبے کی نصف سے زیادہ آبادی کو بے روزگار کرنا ناقابل برداشت ہے، پاسپورٹ کی شرط مضحکہ خیز اور نادرا کی من مانیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، عوام کا معاشی قتل اب ناقابل برداشت ہو چکا ہے حکومتی بے حسی کے باعث عوام مایوسی اور ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو چمن میں جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام چمن میں بارڈر بندش، روزگار سے محرومی، زراعت کی تباہی، اور امن و امان کی مخدوش صورتحال پر عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں چمن شہر میں ریلی نکالی گئی جو جلسہ گاہ پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور حکومت کی پالیسیوں کے خلاف اپنے غم و غصے کا اظہار کیا۔ صوبائی قیادت کے استقبال کے لیے سیکڑوں گاڑیوں کے قافلے نے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کا پرتپاک استقبال کیا۔ شدید موسمی حالات کے باوجود عوام کی بڑی تعداد نے جلسے میں شرکت کی۔ جلسے کے شرکاء نے حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی جلسے سے جمعیت علماء اسلام کی صوبائی مجلس عاملہ کے اراکین نے خطاب کیا اور جماعت کی جانب سے مسائل کے حل کے لیے فعال کردار کو اجاگر کیا۔ پارلیمانی گروپ کے اراکین نے بھی جلسے سے خطاب کیا اور پارلیمان میں جمعیت علماء اسلام کی کارکردگی پیش کی۔ جلسے کے شرکاء کو بتایا گیا کہ جماعت نے ہر فورم پر عوام کے مسائل کو اجاگر کیا اور ان کے حل کے لیے جدوجہد کی۔ صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے خطاب میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام چمن کے تمام مسائل سے بخوبی آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر بندش کے حوالے سے قائد جمعیت نے پارلیمان میں متعدد بار آواز اٹھائی ہے اور ہر چوک و میدان میں اہل چمن کے مسائل کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ جماعت ان کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے اور ان کی جدوجہد جاری رہے گی۔۔ انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ شرائط ناقابل عمل ہیں۔ عوام کیسے ہر ہفتے اپنے پاسپورٹ کی تجدید کرائیں گے؟ پاسپورٹ پر اتنی زیادہ ٹھپے اور مہریں لگائی جاتی ہیں کہ وہ ایک ہفتے کے اندر ناکارہ ہو جاتا ہے۔ نادرا کی عوام کو مشکلات میں ڈالنے کی بات سب کے سامنے واضح ہے۔ ایک گھنٹے کا کام ہفتوں طول دینا نادرا کا معمول بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کے دونوں اطراف ایک قبیلے کے لوگ پھیلے ہوئے ہیں۔ کسی کا کزن وہاں ہے تو کسی کی رشتے داری وہیں ہے، بہت ساروں کے قبرستان مشترک ہیں۔ بارڈر پر آمدورفت میں مشکلات پیدا کرنا اور عوام کو دور رکھنا غیر فطری ہے۔ یہ ممکن نہیں رہے گا۔ حکومت جلد یا بدیر اس بات کا ادراک کرے گی کہ بارڈر پر آمدورفت روکنا ممکن نہیں۔ انہوں نے عوام سے درخواست کی کہ وہ مایوس نہ ہوں اور اپنی جدوجہد کو پرامن رکھیں۔ انہوں نے حکمرانوں سے مطالبہ کیا کہ عوام کی مشکلات کا ادراک کریں اور فوری طور پر چمن بارڈر کو پرانے طرز پر بحال کیا جائے تاکہ عوام کو جینے کا حق دیا جا سکے۔ جلسے سے ناظم عمومی و سابق ایم این اے مولانا آغا محمود شاہ نے خطاب کرتے ہوئے عوام کو یقین دلایا کہ جمعیت علماء اسلام آپ کے مسائل کے حل کے لیے تمام باقی معاملات کو پس پشت ڈال دے گی۔ چمن اور اہلیان چمن کو زندگی کے بنیادی حقوق دلا کر ہی دم لے گی۔ جلسے سے صوبائی سرپرست شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ محمد یوسف، صوبائی سیکرٹری اطلاعات حاجی دلاور خان کاکڑ، سید ظفر آغا، حاجی غوث اللہ اچکزئی، مولانا عبدالسنان، مولانا حسین احمد شرودی، مولانا کمال الدین، حاجی محمد نواز کاکڑ، مولانا منظور احمد مینگل، مفتی محمد قاسم، مولانا شمس اللہ، اور مولانا محمد میر و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

MASHRIQ QUETTA

# گوادر ائیر پورٹ ملکی معیشت و بلوچستان کی ترقی میں اہم سنگ میل ہوگا' جمال شاہ کاکڑ

## وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے، لیگی رہنما

معاشی مسائل کے حل کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ ملکی معیشت و بلوچستان کی ترقی میں اہم سنگ میل ہوگا وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت.......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے معاشی مسائل کے حل کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا جمال شاہ کاکڑ نے پیر کے روز گوادر میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل کی جانب سے نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ کے افتتاح اور آپریشنلائز ہونے پر بلوچستان و پاکستان کی عوام کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ نہ صرف پاکستان کی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرے گا بلکہ یہ بلوچستان کی ترقی کا ضامن منصوبہ ہوگا جہاں سے روزگار کے مواقعوں میں اضافہ، ساحلی شہر گوادر کو دنیا بھر میں ایک الگ مقام دلائے گا انہوں نے کہا کہ ایسے تاریخی و عظیم منصوبوں کا کریڈٹ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کو جاتا ہے جنہوں نے ہمیشہ ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے ترقیاتی منصوبوں کو تکمیل تک پہنچایا ہے

# عدلیہ کی آزادی اور آئین کی بحالی تک جدوجہد جاری رکھیں گے' بلوچستان بار

## جسٹس سید منصور علی شاہ کے بنچ میں مخصوص کیس نکالنا سپریم کورٹ فیصلے کی نفی و توہین عدالت کے مترادف ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل ہمیشہ آئین قانون کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی کیلئے کھڑی رہی ہے جب جناب چیف جسٹس عمر عطاء بندیال اس کے وقت سینئر جج جناب قاضی فائز عیسیٰ کی مخاصمت میں بنچ تبدیل کرتے تھے ہم قاضی فائز عیسیٰ کے موقف کی قدر کرتے ہوئے اس کی حمایت کرتے ویسے سپریم کورٹ پشاور بنچ میں 9-05-2018 کو چیف ثاقب نثار کے دور میں 3 میں سے 2 کی اکثریت جس میں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

و جسٹس سید منصور علی شاہ تھے طے کر دیا تھا جب ایک دفعہ کوئی کیس کسی بنچ میں لگ جائے اور اس کی شنوائی ہو تو اس کیس کا حتمی فیصلہ ہونے تک وہی بنچ سماعت و تصفیہ کرے گا اس لئے جسٹس سید منصور علی شاہ کی بنچ میں سے ایک مخصوص کیس نکالنا سپریم کورٹ کے اپنے فیصلے کی نفی و توہین عدالت کے مترادف ہے اس لئے ہم ماضی کے فیصلوں کی روشنی میں اصولی موقف کے حوالے سید منصور علی شاہ کے ساتھ کھڑے ہیں جو کیس پہلے سے وہ سن چکے ہیں وہی کیس ان کے سامنے لگانے کا مطالبہ کرتے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 31


## قلعہ سیف اللہ: سڑک کنارے نصب بم پھٹنے سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

**مرنے والا او جی ڈی سی ایل کا ڈرائیور اور زخمی مزدور ہے، دھماکے سے گاڑی کو شدید نقصان پہنچا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلعہ سیف اللہ میں سڑک کنارے بم دھماکہ، او جی ڈی سی ایل کی گاڑی زد میں آنے سے ڈرائیور جاں بحق جبکہ ایک مزدور شدید زخمی ہو گیا جبکہ گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا لیویز کے مطابق نامعلوم افراد نے قلعہ سیف اللہ کے علاقے خسنوب میں او جی ڈی سی ایل کمپنی کی گاڑی کو نشانہ بنانے کیلئے سڑک کنارے بم نصب کیا تھا گزشتہ روز جیسے ہی کمپنی کی گاڑی خسنوب روڈ پر پہنچی تو بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ڈرائیور گلا خان ولد عبدالرحمن اور ایک مزدور محمد رحیم ولد نور محمد شدید زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر لیویز پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں طبی امداد کے بعد زخمیوں کو تشویشناک حالات میں کوئٹہ منتقل کیا گیا جہاں ڈرائیور گلا خان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش

قلعہ سیف اللہ روانہ کر دی گئی۔

## بولان میں لیویز چوکی پر حملہ، اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ چھین لیا گیا

**سنی میں صبری لیویز چوکی پر کارروائی کی گئی، حملہ آور فرار، علاقے کی ناکہ بندی کر لی گئی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بولان کے علاقے میں نامعلوم افراد نے لیویز چوکی پر حملہ کر کے اہلکاروں کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ چھین کر فرار ہو گئے۔ لیویز کے مطابق بولان کے علاقے سنی میں صبری لیویز چوکی پر نامعلوم افراد نے حملہ کر کے لیویز اہلکاروں کو یرغمال بنایا اور سرکاری اسلحہ چھین کر نامعلوم مقام کی طرف فرار ہو گئے واقع بعد لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی۔

## بیلہ، منشیات برآمد، ایک شخص گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ پولیس نے ایک کارروائی کے دوران محلہ ریسٹ ہاؤس کے رہائشی محمد ابراہیم نامی شخص کے قبضے سے پانچ سو گرام چرس اور ڈیڑھ سو گرام آئس شیشہ برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا۔ لسبیلہ پولیس میڈیا سیل کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

Century Express Quetta

## میختر، لیویز کیساتھ فائرنگ تبادلے میں ایک ڈاکو ہلاک

**ڈاکو پک اپ اور ٹرک ڈرائیورز کو لوٹ کر فرار ہو رہے تھے، لیویز سے سامنا ہو گیا**

**واقعہ میں ایک ڈاکو زخمی ہوا، تین کو گرفتار کر لیا گیا، سب کی شناخت ہو گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ضلع لورالائی کے علاقے میختر میں ڈرائیوروں کو لوٹ کر فرار ہونے والے ڈاکوؤں اور لیویز میں فائرنگ کا تبادلہ ایک ڈاکو ہلاک جبکہ تین کو گرفتار کر کے لوٹی گئی رقم سامان اور اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر میختر یحییٰ خان کاکڑ نے بتایا کہ میختر کے علاقہ چمازہ میں گزشتہ شب ڈاکو پک اپ اور ٹرک ڈرائیوروں کو لوٹ کر فرار ہو رہے تھے کہ اس اطلاع پر لیویز کے جوانوں نے ناکہ بندی کر کے چیکنگ شروع کی تو اسی دوران ایک گاڑی میں کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم گاڑی میں سوار ڈاکو لیویز پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

کی کوشش کی جس پر لیویز نے جوابی کارروائی کی ڈاکو زخمی ہو گئے اور موقع سے فرار ہو کر دکی ہسپتال پہنچے لیویز کے جوان بھی ہسپتال پہنچ گئے جہاں ایک ڈاکو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہو گیا جبکہ ایک زخمی ڈاکو سمیت تین کو گرفتار کر لیا ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت جاور خان ولد نور محمد نام سے ہوئی جبکہ گرفتار ہونے والوں میں جان محمد، گل محمد اور عبدالواحد شامل ہے ڈاکوؤں سے لوٹی ہوئی رقم سامان اور اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا ہے لیویز نے بتایا کہ گرفتار اور ہلاک ہونے والا ڈاکو لیویز اور پولیس کو مختلف وارداتوں میں مطلوب تھے

MASHRIQ QUETTA

## لیویز فورس کی کارروائی، چوروں کا گروہ گرفتار، گاڑی اور اسلحہ برآمد

**چوروں نے گن پوائنٹ پر فیملی کو گاڑی سے اتار کر گاڑی چھین کر فرار ہو گئے تھے**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) لیویز فورس کی کارروائی، چوروں کا گروہ گرفتار، اسلحہ برآمد تفصیلات کے مطابق لیویز فورس نے گزشتہ روز چھینی گئی گاڑی کو برآمد کر کے چوروں کے گروہ کو گرفتار کر لیا یہ گاڑی ہندو فیملی سے چھینی گئی تھی جو کوئٹہ سے دالبندین آ رہی تھی چوروں نے گن پوائنٹ پر فیملی کو گاڑی سے اتار کر گاڑی چھین کر فرار ہو گئے تھے گرفتار ملزمان میں نثار احمد، ظفر، عبدالوحید اور شوخ نامی افراد شامل ہیں لیویز فورس نے ملزمان کے قبضے ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سے نہ صرف چوری میں استعمال ہونے والی گاڑی کو برآمد کیا ملزمان سے مسروقہ گاڑی پستول بمعہ کارتوس اور تین موبائل فونز بھی برآمد کر لیے ہیں ضلع چاغی کی انتظامیہ کے مطابق، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ اس کارروائی پر ڈپٹی کمشنر عطاء المنعم نے لیویز فورس کی ٹیم کو بروقت کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری پر ایک لاکھ روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا اور ہندو فیملی کی گاڑی انکے حوالے کر دیا ہندو برادری نے ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم کی بروقت کاروائی اور گاڑی کی برآمدگی پر انکی کارکردگی کو سراہا گیا

## اوستہ محمد محراب پور کے قریب مسلح حملہ آوروں کی فائرنگ سے نوجوان قتل

اوستہ محمد (نامہ نگار) دشمنی کی بھینٹ ایک اور نوجوان چڑھ گیا ایک اور گھر ویران شعبان دشتی کو محراب پور کے قریب قتل کیا گیا تفصیلات کے گوٹھ ریحان واہ کے رہائشی نوجوان شعبان خان دشتی جو اوستا سے گڑھی خیرو جا رہے تھے محراب پور کے قریب مسلح ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

حملہ آوروں نے اس پر فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا مقتول کا تعلق اوستہ کے علاقہ ریحان واہ سے تھا ملزم فرار واقع پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے پولیس ذرائع معلوم ہوا کہ حملہ آور کا تعلق جمالی قبیلہ سے ہے نصیر آباد میں قبائلی دشمنوں میں انتہائی اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے کوئی بھی محفوظ نہیں پولیس نے مقتول کی نعش کی ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی۔

## دکی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص کو قتل

کوئٹہ (سی رپورٹر) دکی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے 1 شخص کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دکی کے علاقے مرجان زئی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے صمند خان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل نعش ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ضروری کارروائی کے بعد ورثاہ کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 32

# محکمہ خوراک حکام کی نااہلی اور فرائض میں غفلت

## سرکاری گوداموں میں لاکھوں ٹن گندم سڑنے لگی

**جوائنٹ روڈ اور سرکاری گوداموں میں 8 لاکھ ٹن سے زائد گندم کھلے آسمان تلے پڑے رہنے سے سڑنے لگی، محکمہ خوراک حکام کی غفلت سے شہریوں کو مہنگے داموں آٹا فروخت کیا جارہا ہے، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (رپورٹ:۔ یحییٰ ریکی) محکمہ خوراک کے حکام کی مبینہ نااہلی اور فرائض سے غفلت، سرکاری گوداموں میں لاکھوں ٹن گندم خراب ہونے لگا، شہری آٹے اور گندم کیلئے ترس رہے ہیں۔ محکمہ خوراک کے حکام کی نااہلی کے سبب صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے جوائنٹ روڈ اور سرکاری گوداموں میں 8 لاکھ ٹن سے زائد گندم کھلے آسمان تلے پڑا ہوا ہے۔ گوداموں میں کھلے آسمان تلے پڑے گندم کی بوریوں پر آوارہ کتے اور بلیاں پڑے رہتے ہیں۔ دھوپ اور موسمی اثرات کی وجہ سے گندم کی بوریاں سڑ کر خراب ہوگئے ہیں۔ جہاں پر کبوتر اور پرندے آکر دانا کھاتے ہیں مگر یہ گندم صوبے کے غریب عوام کیلئے دستیاب نہیں ہے۔ دوسری جانب شہر میں طویل عرصے سے گندم اور آٹے کا مصنوعی بحران جاری ہے۔ منافع خور مافیا اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مہنگے داموں آٹا اور گندم فروخت کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں جو باعث تشویش ہے۔ شہریوں نے بتایا کہ محکمہ خوراک کے آفیسران منافع خور مافیا کی ملی بھگت سے گندم چھپا دیا جاتا ہے اور یہ وقت پر مل مالکان کو فراہم نہیں کیا جاتا جس سے اس کو معیار کم ہوجاتا ہے اور یہ مضر صحت ہے۔ بلوچستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں کے مطابق حکومتی عدم توجہی کے سبب محکمہ خوراک کے گوداموں میں سالانہ اربوں روپے کا گندم خراب ہوجاتا ہے۔ عوام کے بہتر مفاد میں لبرل پالیسی اپنا کر وقت پہ فلور مل مالکان کو گندم فراہم کیا جائے تاکہ ہم شہر میں آٹا سپلائی کرسکیں۔

# حکومت اور مخیر حضرات میری بیٹی کے علاج میں معاونت کریں، بی بی آمنہ

**شوہر بلوچستان پولیس میں ملازم تھے اور وہ وفات پاگئے ہیں 40 لاکھ علاج پر اخراجات آئیں گے، صحافیوں سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بی بی آمنہ کا کہنا ہے کہ ان کی بیٹی گردن کی بیماری میں مبتلا ہے، ناک سے خون بہتا اور جھٹکے آتے ہیں جس سے وہ شدید تکلیف میں مبتلا ہے، ڈاکٹروں نے بچی کے آپریشن کیلئے 40 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا اور میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے، صوبائی حکومت اور مخیر حضرات علاج معالجہ میں معاونت کریں۔ پشین سے تعلق رکھنے والی بزرگ خاتون بی بی آمنہ نے کوئٹہ پریس میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ان کا شوہر بلوچستان پولیس میں ملازم تھا اور وہ وفات پاگئے ہیں، اب اس بیٹی کے سوال کا کوئی سہارا نہیں ہے۔ ایک بیٹی ہے وہ بھی بیماری کی وجہ سے تکلیف میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی بیٹی بچپن سے گردن کی بیماری میں مبتلا ہے اور وہ اپنا سر ہلا نہیں سکتی، بچی کے ناک سے خون بہتا ہے اور اس کو جھٹکے آتے ہیں جس سے وہ شدید تکلیف میں مبتلا ہے۔ بی بی آمنہ نے اپنی مدد آپ کے تحت بیٹی کا علاج کرنے کی حتی الوسع کوششیں کیں مگر بیماری اور اخراجات کی وجہ سے اس کے بس میں سوائے مایوسی اور دکھ کے کچھ بھی نہیں ہے۔ علاج معالجہ کیلئے وہ اپنی بیٹی کو لے کر لاہور چلی گئیں جہاں پر ڈاکٹروں نے معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ ان کی بیٹی کا آپریشن کرنا ہوگا جس کیلئے 40 لاکھ روپے کے لگ بھگ اخراجات آئیں گے۔ بی بی آمنہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور مخیر حضرات سے اپیل کی کہ سرکاری خرچے پر ان کی بیٹی کا آپریشن کرکے مالی معاونت کی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 33


## کوئٹہ سمیت ملک بھر میں جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ، مریض پریشان

گزشتہ سال قیمتوں میں 3 سے 4 بار اضافہ کیا گیا، جس انجکشن کی قیمت 432 روپے تھی کمپنی نے 3 ماہ میں اس کی قیمت میں اضافہ کر کے 1500 کر دی

وفاق کی جانب سے Non-Essential ادویات کی قیمتوں کو ڈی کنٹرول کئے جانے کے بعد قیمتوں میں اضافہ ہوا، پاکستان کیمسٹ اینڈ ڈرگ ایسوسی ایشن

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) کوئٹہ سمیت ملک بھر میں ادویات کی قیمتیں غریب مریضوں کی پہنچ سے دور ہو گئیں، گزشتہ سال دواؤں کی قیمتوں میں 3 سے 4 بار اضافہ کیا گیا امراض قلب، نزلہ زکام، ذہنی دباؤ، ملٹی وٹامن، شوگر اور اینٹی الرجی سمیت روزمرہ استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں 2023ء کے مقابلے میں 2024ء میں 50 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے، اس اضافے کے بعد مریضوں......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کی اکثریت نے ادویات روزانہ استعمال کے بجائے ایک دو دن کے وقفے سے کھا رہے ہیں پاکستان میں مجموعی طور پر 900 ادویات کی فارمولیشن رجسٹرڈ ہیں، ان میں 400 فارمولیشن جان بچانے والی (Essential) جبکہ 500 فارمولیشن (Non-Essential) رجسٹرڈ ہیں۔ Non-Essential ادویات کی قیمتوں کو ڈی کنٹرول کر دیا گیا جبکہ Essential ادویات پر سالانہ 7 فیصد تک اضافے کی اجازت ہے اس وقت مارکیٹ میں بیرون ممالک سے منگوائے جانے والے ضروری انجکشن کی قلت برقرار ہے ایلوپیتھی ادویات پر کوئی ٹیکس نہیں جبکہ Alternative (متبادل) ادویات پر 2024ء سے 18 فیصد جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) عائد کر دیا گیا ہے

INTEKHAB QUETTA

## منصوبہ بندی کا فقدان، ریگل چوک سے سڑک کھود ڈالی، ٹریفک جام شہری پریشان

پائپ لائن بچانے کیلئے سڑک اکھاڑ کر پائپ لائن بچانے کیلئے کھدائی کی گئی دس روز گزرنے کے باوجود ریگل چوک پر سڑک کو دوبارہ تا حال بحال نہ کیا جا سکا

تعمیراتی کام میں سست روی کے باعث ریگل چوک، منان چوک، ٹیکسی اسٹینڈ اور ملحقہ علاقوں میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا، شہری اذیت میں مبتلا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کا فقدان۔ دو پائپ لائنیں بچانے کیلئے ریگل چوک پر سڑک کو اکھاڑ دیا گیا، جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں خلل پڑ رہا ہے اور شہری اذیت میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں منظم منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کا فقدان ہے جس کی وجہ سے کوئی نظام بہتر نہیں ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مرکزی اور اہم علاقے جناح روڈ بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

ریگل چوک کے مقام پر پائپ لائن بچانے کے لئے سڑک کو اکھاڑ کر کھدائی کی گئی۔ دس دن گزرنے کے بعد بھی ریگل چوک پر سڑک کو دوبارہ بحال نہیں کیا جا سکا۔ تعمیراتی کام میں سست روی کی وجہ سے ریگل چوک، منان چوک، ٹیکسی اسٹینڈ اور ملحقہ علاقوں میں بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا ہے۔ اکثر صبح اور شام کے وقت ٹریفک کا پہیہ رک جاتا ہے اور گاڑیوں کی قطاریں لگ جاتی ہیں

جس سے شہری اذیت میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ شہریوں نے اس امر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ اور حکومت کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے بلکہ ہر کوئی کرپشن میں ملوث ہے۔ جناح روڈ پر سڑک کی تعمیر میں سست روی اس کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئی منصوبہ بندی نہیں کی جاتی بلکہ من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کے لئے سڑکوں کو اکھاڑ دیا جاتا ہے ایسے لگتا ہے کہ شہر کو لاوارث بنا کر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ شہریوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ جناح روڈ پر سڑک کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 34


# رحمت زحمت میں تبدیل ٹوٹی پھوٹی سڑکیں اور گندگی عوام کا مقدر بن گئی

**کوئٹہ کے نواحی علاقوں نواں کلی مین روڈ، پشتون آباد عبدالقدوس روڈ، محمد خیر روڈ، مغربی بائی پاس، چالو باوڑی، غوث آباد ٹوٹ پھوٹ کا شکار جگہ جگہ سیوریج کا پانی بہہ رہا ہے شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں**

**شہر کے وسطی علاقوں میں حال ہی میں روڈ بنائیں گئے لیکن صحیح منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے سیوریج کا گندہ پانی روڈ پر بہہ رہا ہے جسے شہریوں کے لئے باران رحمت زحمت میں تبدیل ہوگئی ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور صوبے کے مختلف علاقوں میں باران رحمت اور برفباری کے بعد جہاں موسم خوشگوار ہوا وہی کوئٹہ کے شہریوں کے لئے باران رحمت زحمت بن گئی کوئٹہ شہر کے وسطی اور نواحی علاقوں جن میں نواں کلی مین روڈ اور گلیاں، پشتون آباد عبدالقدوس روڈ، محمد خیر روڈ، مغربی بائی پاس، مشرقی بائی پاس، کوتوال روڈ، کلی عمر روڈ، گوالمنڈی سے تاروں چوک اور عبدالولی چوک کے آس پاس گلیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار جگہ جگہ سیوریج کا پانی بہہ رہا ہے سڑکیں گندگی کے ڈھیر میں تبدیل شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شہر کے اہم شاہراہوں جناح روڈ، بٹ روڈ، سرکی روڈ، کواری روڈ، مشن روڈ، علی بھائی روڈ پر گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے روڈ خراب ہوگئے ہیں واضح رہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں حال ہی میں روڈ بنائیں گئے لیکن صحیح منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے سیوریج کا پانی روڈ پر بہہ رہا ہے جسے شہریوں کے لئے باران رحمت زحمت میں تبدیل ہوگئی ہے متاثرہ علاقوں کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ان علاقوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے تعفن پھیلنے سے وبائی امراض پھیل رہے ہیں شہریوں کا حکام سے مطالبہ ہے کہ ٹوٹی سڑکیں اور گندگی کے مسائل کا نوٹس لیکر شہر میں موجود درپیش مسائل کو حل کیا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے دوسری جانب میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام نے بتایا ہیں کہ کوئٹہ شہر مسائل کی آماجگاہ بن گیا ہے صفائی اور ستھرائی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 35


## گوادر: رابطے، معاشی اور معاشرتی ترقی کا اہم سنگ میل

''ہواؤں کا دروازہ'' کہلانے والا بلوچستان کا ساحلی شہر گوادر کسی تعارف کا محتاج نہیں یہاں گہرے پانیوں کی بندرگاہ کی تعمیر اور ازیں بعد یہاں کے بعد دیگرے تکمیل پانے والے میگا پراجیکٹس اور بالخصوص پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم الشان منصوبے سی پیک کی بدولت اس کی اہمیت و افادیت مزید بڑھ گئی ہے اور روز افزوں طور پر گوادر میں تعمیر و ترقی اور خوشحالی کا جو سلسلہ جاری ہے اس میں گزشتہ روز ایک نئے باب کا اضافہ نئے ہوائی اڈے کی باقاعدہ فعالیت کے ساتھ ہوا ہے طویل انتظار کے بعد اپنی نوعیت کا یہ اہم منصوبہ نہ صرف مکمل ہوا اور گزشتہ روز اس کا باضابطہ افتتاح کر دیا گیا ہے بلکہ پہلی کمرشل پرواز بھی نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کر گئی ہے جس کا وزیراعظم شہباز شریف، وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ محمد آصف، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی و دیگر حکام نے بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ نئے ہوائی اڈے کی فعالیت سے ملکی معیشت میں بہتری آئے گی یہ گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیاء اور مشرق وسطی نیز خلیجی ممالک کے درمیان رابطہ بنانے کا سنگ میل ہے جو عبور کر لیا گیا ہے اور اس کی بدولت تجارت، معیشت اور سیاحت کی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا اور اس کی بدولت تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے نئے دروازے کھلیں گے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا آپریشنل ہونا صوبے اور ملک کی ترقی کے لئے اہمیت کا حامل ہے تقریباً چار ہزار تین سو ایکڑ یعنی لگ بھگ سترہ مربع کلو میٹر پر محیط نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پاکستان کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ ہے جس پر دنیا کے سب سے بڑے مسافر بردار طیارے بھی اتر سکتے ہیں۔ نئے ہوائی اڈے کا رن وے، ٹرمنل بلڈنگ اور دوسری سہولیات بین الاقوامی معیار کے مطابق تعمیر کی گئی ہیں اور اب نہ صرف ساحلی شہر بلکہ بلوچستان سمیت پورے ملک اور بحیثیت مجموعی دیکھا جائے تو پورے خطے میں تجارتی اور معاشرتی سرگرمیوں کو خاطر خواہ فروغ حاصل ہوگا نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ایئرپورٹ آپریشنلائزیشن، پاکستان کی ہوابازی اور علاقائی رابطوں کے نئے دور کا آغاز ہے گزشتہ روز جدید سہولیات و فن تعمیر کے اس شاہکار کا باقاعدہ و باضابطہ افتتاح ہو گیا ہے اور قومی ایئر لائن کی پہلی پرواز پی کے 503 پہلی بار کراچی سے مسافروں کو لے کر گوادر پہنچی جہاں وفاقی وزیر ہوابازی خواجہ آصف نے ایئرپورٹ پر لینڈ کرنے والی پہلی پرواز کا استقبال کیا، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچنے والی پہلی پرواز کو واٹر کینن کی سلامی دی گئی وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ محمد آصف، جو اس تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے، نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے ہمراہ اس تاریخی پرواز اور اس کے مسافروں کا استقبال کیا۔ اپنے خطاب میں خواجہ آصف نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی اقتصادی ترقی، علاقائی سیاحت، اور بین الاقوامی رابطوں کو فروغ دینے میں اہمیت پر زور دیا اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ملکی معیشت میں تبدیلی کا باعث ہوگا نیو گوادر بین الاقوامی ہوائی اڈے کی آپریشنلائزیشن کا موقع نہ صرف پاکستان کی ہوابازی کی تاریخ میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے بلکہ ہمارے ملک کی ترقی اور پیشرفت کے عزم کو بھی ظاہر کرتا ہے انہوں نے کہا کہ نیو گوادر بین الاقوامی ہوائی اڈے کی تاریخ چین پاکستان اقتصادی راہداری میں شمولیت کے ساتھ شروع ہوئی، سی پیک کے بانیوں نے گوادر کے علاقائی روابط اور اقتصادی ترقی کے کردار کو تسلیم کرتے ہوئے اس جدید ہوائی اڈے کے قیام کو ترجیح دی تاکہ پاکستان اور دنیا کے درمیان ایک اہم رابطہ فراہم کیا جا سکے، نیو گوادر ہوائی اڈے کی تعمیر، انجینئرنگ اور تعاون کا ایک عظیم کارنامہ ہے، یہ بلند ہمت منصوبہ پاکستان اور چینی ٹیموں کی بے پناہ کوششوں اور لگن سے زندہ ہوا ہے، ان کی ہم آہنگی، مہارت اور ثابت قدمی نے اس ہوائی اڈے کو عالمی معیار کے مطابق بنانے میں مدد کی ہے وزیر ہوابازی نے کہا کہ نیو گوادر بین الاقوامی ہوائی اڈا بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لئے تبدیلی کے فوائد لانے کے لئے تیار ہے۔ یہ محض ہوائی اڈا نہیں بلکہ لامحدود مواقع کا ایک دروازہ ہے یہ نیا انفراسٹرکچر تجارت اور سیاحت کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا جس سے ترقی، خوشحالی نہ صرف اس علاقے بلکہ پورے پاکستان کے لئے میسر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے لئے یہ ہوائی اڈا ایک نئے دور کی خوشحالی کا نشان ہے جس سے ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ مقامی روزگار کو فروغ ملے گا اور مقامی لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنائے گا۔ ہوائی اڈے کی موجودگی سرمایہ کاروں کو یہاں راغب کرے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو صوبے کو خوشحالی اور معاشی استحکام کی نئی راہوں پر گامزن کرے گا یہ ایئرپورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک تاریخی منصوبہ ہے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا اس منصوبے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے، نوجوانوں کے لیے تربیت اور ملازمت کے امکانات میں اضافہ ہوگا، گوادر کے عوام نے ہمیشہ بلوچستان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور ان کا تعاون ہماری کامیابیوں کی بنیاد ہے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی فعالیت اور پروازیں شروع ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف نے بھی اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اس باب وزیراعظم ہاؤس سے جاری بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر ایئرپورٹ کا فعال ہونا نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم وزیراعظم نے کہا کہ آج اللہ کے فضل و کرم سے گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیاء اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کے لئے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا نیو گوادر ایئرپورٹ کا فعال ہونا سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرے گا بلاشک اس اہم منصوبے کی تکمیل اور اب اس کا باضابطہ افتتاح اس امر کا بین ثبوت ہے کہ حکومت بلوچستان میں تعمیر و ترقی اور معاشی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ و بڑھوتری کے وعدوں کی تکمیل میں پوری طرح سنجیدہ ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ اس ضمن میں اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا سلسلہ جاری ہے ہمیں قوی امید ہے کہ آنے والے وقتوں میں بلوچستان کی پوری طرح ساحلی پٹی اور مجموعی طور پر پورا صوبہ ترقی و خوشحالی کی منزل تک پہنچے گا اور ترقی و خوشحالی کے اس سفر میں گزشتہ روز جو سنگ میل عبور ہوا ہے یہ اپنا فعال و متحرک کردار ادا کرے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 36


## ژوب میں فورسز کی کارروائی، 5 خوارجی ہلاک

بلوچستان کے ضلع ژوب میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خوارجی ہلاک کر دیا گیا18 اور 19 جنوری کی رات سکیورٹی فورسز نے سمبازہ سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق 18 اور 19 جنوری کی رات پاک افغان سرحد پر ضلع ژوب کے علاقے سمبازہ کے قریب سکیورٹی فورسز کی طرف سے خوارج کے ایک گروپ کی نقل و حرکت دیکھی گئی، اس پر سکیورٹی فورسز نے بھرپور اور موثر کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی یہ کوشش ناکام بنادی آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز کی موثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں 5 خوارج مارے گئے ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ پاکستان مستقل طور پر عبوری افغان حکومت پر زور دیتا آیا ہے کہ وہ سرحد کے اطراف میں موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے اور خوارج کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کو جاری رکھنے کے لیے افغان سرزمین کے استعمال سے روکنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرے ترجمان کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے سکیورٹی فورسز کو ضلع ژوب میں پاک افغان بارڈر پر دراندازی ناکام بنانے پر خراج تحسین کیا ہے صدر مملکت نے فتن الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو سراہا اور کارروائی کے دوران 5 خوارج جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری کی تعریف کی آصف زرداری نے کہا کہ پاکستان کی بہادر سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں صدر آصف زرداری نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے، ملکی سرحدوں کی حفاظت کے عزم کا اعادہ کیا یو این اے کے مطابق وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ژوب کے علاقے سمبازی میں خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر اظہار اطمینان کیا ہے خوارج کی دراندازی ناکام بنانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں سکیورٹی فورسز نے خوارج کو واصل جہنم کر کے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے سیکورٹی فورسز کی بہادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی پاکستان کی سرحدیں محفوظ ہیں، افواج ہر چیلنج کے لیے تیار ہیں، وزیر اعلی بلوچستان نے کہا کہ عوام اور حکومت اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ______

6

Bullet N... Dated: 21 JAN 2025 Page No. 38

## بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ اس وقت بلوچستان میں جہاں دیگر بڑے مسائل درپیش ہیں ان میں سے ایک نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد میں بیروزگاری کا مسئلہ بھی ہے۔اس وقت صورتحال یہ ہے کہ نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لیے نوکریوں کے حصول کیلئے کوشاں ہیں جو کہ بلاشبہ ایک بڑی پریشانی کی بات ہے۔صوبے کے سرکاری محکموں میں آسامیاں خالی ہیں لیکن ان پر بھرتی کا عمل سست روی کا شکار ہے ان میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کسی محکمے کی خالی آسامیوں کا اشتہار چھپنے کے بعد امیدوار درخواستیں جمع کروا دیتے ہیں ان میں بعض محکموں کی درخواستوں کے ساتھ پوسٹل آرڈر بھی لگانے کی ہدایت بھی کی جاتی ہے۔جب لاتعداد درخواستیں جمع ہو جاتی ہیں اور ان پر پوسٹل آرڈر کی مد میں بھی اچھی خاصی آمدنی ہو جاتی ہے لیکن عین موقع پر ان آسامیوں کو منسوخ کر دیا جاتا ہے جس کے باعث بیروزگار نوجوانوں کو ایک جانب نوکری نہیں ملتی جب کہ دوسری جانب اس سے پوسٹل آرڈر کی مد میں پیسے بھی وصول کر لیے جاتے ہیں جو کہ بلاشبہ ان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔اس سے نوجوان دل برداشتہ ہو جاتے ہیں ان جیسے اقدامات کا خاتمہ بہت ہی ضروری ہے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے چاغی کے دورے کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے صدر ملک رحمت اللہ نوتیزئی کی قیادت میں پارٹی عہدیدار [illegible] ملاقات کے دوران کارکنان اور عوام کے مسائل سے آگاہ کیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے پارٹی کارکنان اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے اور وفد کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز پر عمل درآمد کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت کے مطابق عوام اور پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں اور کوشش ہے کہ عوام اور کارکنان کو ان کی دہلیز پر روزگار فراہم ہو۔عوامی خدمت اور مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بیروزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور دیگر اقدامات کرنے کا اعلان بلاشبہ خوش آئند اقدام ہے کیونکہ اس وقت ایسے اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے تا کہ بیروزگار نوجوانوں کو روزگار مل سکے اور ان کے اندر پائے جانے والے احساس محرومی کا خاتمہ ہو۔اس سلسلے میں جو مذکورہ سطور میں ذکر کیا گیا ہے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو اقدامات کرنے کی ہدایات دینی چاہئیں تا کہ صوبے میں خالی سرکاری آسامیوں پر بیروزگار نوجوانوں کو فوری طور پر بھرتی کیا جائے۔اس سلسلے میں میرٹ کو خاطر میں لاتے ہوئے حقدار نواجوانوں کو ملازمتیں دی جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

p-1

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 21 JAN 2025 Page No. 40

# NGIA pioneering a new era

The New Gwadar International Airport heralds an era ripe with promise. Built at an impressive cost of 55 billion rupees, this airport is set to amplify Gwadar's significance as an international trade hub. With a passenger capacity of approximately 4 million annually and the capability to accommodate large aircraft such as the A380 and Boeing 747, the airport is poised to become a bustling transit point, bridging the gaps between South Asia, Central Asia, and the Middle East. This leap in connectivity will not only enhance regional travel but also facilitate the smooth movement of goods, thereby amplifying the import and export landscape of Pakistan. The economic implications of the New Gwadar International Airport are profound. As international flight services commence, local businesses, particularly in the seafood and mineral extraction sectors, will enjoy unprecedented ease in logistics and distribution. The airport's cargo facilities promise to streamline the supply chain, ensuring swift deliveries of high-demand products to markets both domestically and internationally. Such efficiency is vital for sustaining competitive pricing, thereby invigorating local industries and creating a ripple effect that may extend throughout the national economy.

Anticipating the influx of local and foreign investments, the creation of a robust cargo infrastructure at the airport will position Gwadar as a nexus of economic activity. For the Makran region and the broader coastal belt, this means more than just growth it signals the beginning of a diversified economic base that can provide sustainable livelihoods and enhance living standards for countless residents. This transformative potential aligns with the government's vision for inclusive development, ensuring that the benefits of CPEC projects percolate to every corner of Pakistan, not just the major urban centers. NGIA stands as a testament to successful international collaboration. The culmination of efforts between Pakistan and China reflects a shared commitment to enhancing regional stability and economic growth. The development of the airport, alongside the already operational Gwadar Deep Sea Port, signifies a comprehensive approach to creating a logistic powerhouse a nexus from which the benefits of trade and commerce can

emanate. The airport's strategic design, featuring a 3,658-meter-long and 75-meter-wide runway, equipped with a modern air traffic control system and emergency response capabilities, highlights the meticulous planning that has gone into this project. Beyond its immediate operational benefits, the New Gwadar International Airport is a gateway to enhancing Pakistan's global standing and integrating its economy with larger international markets. As we look ahead, the New Gwadar International Airport stands as a beacon of hope for real change in Pakistan. Its successful operationalization is expected to unlock significant economic opportunities, foster investment, and ultimately enhance the quality of life for millions. With visionary planning, accountability, and sustained commitment from stakeholders, this ambitious project could indeed serve as the bedrock of a prosperous future not just for Gwadar, but for all of Pakistan.

New Gwadar International Airport represents the physical embodiment of progress, it also encapsulates the aspirations of a nation keen on asserting itself as a major player within the regional and global economies. This is just the beginning of a journey filled with potential, and as the first flights take off from this state-of-the-art facility, the world will watch with keen interest the transformative changes that unfold in Gwadar and beyond. The inauguration of the New Gwadar International Airport, virtually celebrated by Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif and his Chinese counterpart in October 2024, marks a seminal moment in Pakistan's journey toward economic rejuvenation and regional connectivity. Situated strategically within the deep-sea port city of Gwadar, this monumental project, born out of the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), is not merely an infrastructural achievement but a catalyst for the transformative changes that await the Balochistan region and beyond.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 21 JAN 2025

Page No. 42

# Dysfunctional Pasni fish harbour

Pasni fish harbour is dysfunctional for a long time. Successive governments did not take serious steps for making this harbour functional with whom the livelihood of thousands of families is linked. Like the other port towns in Gwadar district, Pasni is a small town inhabited by fishermen for centuries. It has been the centre of commercial activities in the region. Sadly the infrastructure built by the British has not been updated to empower the locals, pushing it to the throes of economic backwardness even though there is no dearth of oceanic resources.

The population of the port town is over 60,000 and its economy is in limbo as the harbour is reported to have been closed since 2003 for want of operational facilities. Locals have persistently been demanding opening of the fish harbour.

In 2002, before the fish harbour was closed down, the Balochistan Coastal Development Authority (BCDA) was reported to have planned to build four new fish harbours along the provincial coast at a cost of Rs240 million, including Pasni. Ironically, instead of helping the fishermen community, it raised expectations before it closed down in 2003. Reportedly, there are approximately 13,000 fishermen in the area and some 4,000 boats.

The annual catch estimate is 27,600 tonnes. Due to the closure of the harbour, most of the fishermen have to go to Gwadar port town to dock their boats after fishing, which is 132- km away. Although it is not cost-effective, fishermen have no other options. Former chief minister Balochistan Jam Kamal Khan had proposed reconstruction of Pasni Fish Harbour with all modern facilities at some other place in the area as the current harbour cannot be made functional.

The local people and fishermen desperately wait for making Pasni fish harbour functional as fishing is the only source in Pasni with which the majority of people are associated and since it has become dysfunctional poverty and disillusionment have prevailed in the area. It is high time the government and its concerned authorities get serious about rehabilitating the Pasni fish harbour at the earliest.

The people of Pasni can't afford more delay in rehabilitating Pasni fish harbour therefore the incumbent government of Mir Sarfiraz Bugti came up with pragmatic steps and personally monitored the rehabilitating process of the harbour.

It is hoped that incumbent chief secretary Balochistan will soon visit the harbor and take all steps for making it functional at the earliest.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 JAN 2025

Page No. 64


# گوادر کی ترقی کا خواب

**تحریر: شیخ فرید**

پاک چین دوستی کے ثمرات میں گوادر پورٹ کی تکمیل قابلِ ستائش ہی نہیں بلکہ قابلِ صد آفرین بھی ہے کہ یہ پاکستان کی بالعموم اور بلوچستان کی بالخصوص ترقی و خوشحالی کا ضامن سمجھا جاتا ہے۔ گوادر کی ترقی کا خواب۔ شرمندہ تعبیر ہونے۔ جا رہا ہے۔ ماہرین معاشیات کا ماننا ہے۔ گوادر کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، تاہم 2007ء سے تکمیل شدہ پورٹ کسی بڑی پیش رفت کی نوید نہ بن سکا۔ تازہ ترین اطلاعات و مشاہدات کے مطابق وفاقی وزیر منصوبہ بندی اور متعلقہ حکام میں گوادر پورٹ کو کمرشلائزیشن میں تیزی لانے اور پورٹ کو مارکیٹنگ میں ناکامی پر شدید ناراضگی کا اظہار پایا جاتا ہے۔ اربوں روپے کی لاگت سے تعمیر CPEC ٹرانسپورٹ اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو ایک نان اسٹارٹر اور علاقائی ترسیل کا مرکز نہ بننے کو وفاقی وزیر کے الفاظ میں "سفید ہاتھی" قرار دیا رہا ہے۔ تیل کی ترسیل و برآمد میں سست روی کا سامنا مایوسی کا سبب بن رہا ہے۔ گوادر پورٹ کی فعالیت کیلئے کوئی وسیلہ ہے اور نہ ہی کوئی ایگزیکیوٹو رڈر یا مارکیٹنگ پلان پورٹ کو علاقائی سپنگ اور تجارتی مرکز بنانے کی حکمتِ عملی اپنائی گئی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے پبلک سیکٹر کو کارگو کو۔ معال کرنے اور 60 فیصد گوادر کے۔ راستوں کو مکمل بحال کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اخباری اطلاعات کے مطابق گوادر پورٹ کی فعالیت کا جائزہ لینے کیلئے بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) خصوصی دورے کے سلسلے میں گوادر پہنچ گئی ہے

ایئرپورٹ پر کمیٹی کے وفد کا استقبال رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر شریف میانداد اور دیگر نے کیا۔ وفد کی قیادت چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ایم پی اے اصغر علی ترین کر رہے ہیں، جبکہ دیگر اراکین میں رحمت صالح بلوچ، زابد علی ریکی، فضل قادر مندوخیل اور ایڈیشنل سیکرٹری سراج لہڑی شامل ہیں۔ اس سے پہلے وفد کو کمشنر مکران ڈویژن داود خان خلجی کی جانب سے ایک پرتکلف ظہرانہ دیا گیا اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور دیگر سیاسی عمائدین بھی موجود تھے۔

چیئرمین اصغر علی ترین اور اراکین کا کہنا تھا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا بنیادی مقصد تمام سرکاری اداروں میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی اے سی کا کام صرف کاغذی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ اراکین خود فزیکل وزٹ کے ذریعے سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور جائزہ لینے کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ عوام کے وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔

گوادر پہنچنے کے بعد پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اراکین نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی ماڈل پارک کا دورہ کیا۔

اس موقع پر چیئرمین اصغر علی ترین نے خواتین کی جانب سے پارک میں چلائے جانے والے چائے اور دیگر اسٹالز کو بے حد سراہا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کا ان سرگرمیوں میں حصہ لینا نہ صرف گوادر بلکہ بلوچستان کے لیے ایک حوصلہ افزاء عمل ہے۔ کمیٹی اراکین نے خواتین کو چادریں تحفے میں دیں اور ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے درخواست کی کہ ان خواتین کے لیے اسٹالز مفت فراہم کیے جائیں تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور ان کی معاشی خودمختاری کو مزید فروغ ملے۔

وفد نے اس بات پر زور دیا کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کسی بھی جگہ کا دورہ کر سکتی ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

چیئرمین اور اراکین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کمیٹی سرکاری وسائل کے ضیاع کو روکنے اور احتساب کے عمل کو موثر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

چیئرمین اور ممبران نے کہا کہ گوادر کی ترقی نہ صرف بلوچستان بلکہ اس خطے میں بسنے والے تمام لوگوں کے لیے کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ گوادر شہر کی ابتر حالت کو بہتر بنانے اور منظم کرنے کے لیے حکومت نے 2003ء میں گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے نام سے ایک ادارہ بنایا جس کا قانون بلوچستان کی صوبائی اسمبلی نے 2002ء میں منظور کیا تھا مگر تو مولود ادارہ تا حال شہر کی حالت کو سدھارنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ بندرگاہ خلیج فارس، بحیرہ عرب، بحر ہند، خلیج بنگال اور اسی سمندری پٹی میں واقع تمام بندرگاہوں سے زیادہ گہری بندرگاہ ہوگی اور اس میں بڑے بڑے کارگو بحری جہاز با آسانی لنگر انداز ہو سکیں گے۔ جن میں ڈھائی لاکھ ٹن وزنی جہاز تک شامل ہیں۔ اس بندرگاہ کے ذریعے نہ صرف پاکستان بلکہ افغانستان، چین اور وسط ایشیاء کی تمام ریاستوں کی تجارت ہوگی۔ بندرگاہ کی گہرائی 14.5 میٹر ہوگی یہ ایک بڑی، وسیع اور محفوظ بندرگاہ ہے۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر بہت سے ممالک کی اس پر نظریں ہیں۔ بندرگاہ کا ایک فیز مکمل ہو چکا ہے جس میں 3 برتھ اور ایک ریمپ شامل ہے۔ ریمپ پر Ro-Ro جہاز لنگر انداز ہو سکیں گے جبکہ 5 عدد فکس کرینیں اور 2 عدد موبائل کرینیں جبکہ ایک GTR کرین آپریشنل حالت میں لگ چکی ہیں۔ ایک برتھ کی لمبائی 600 میٹر ہے جس پر بیک وقت کئی جہاز کھڑے ہو سکیں گے جبکہ دوسرے فیز میں 10 برتھوں کی تعمیر ہوگی۔ بندرگاہ چلانے کے لیے تمام بنیادی سامان اور آلات بھی لگ چکے ہیں مگر یہاں پر کام اس لیے نہیں ہو رہا کہ دوسرے علاقوں جیسے وسط ایشیاء کے ممالک کے لیے رابطہ سڑکیں موجود نہیں ہیں مگر یہاں پر کام اس لیے نہیں ہو رہا کہ دوسرے علاقوں جیسے وسط ایشیاء کے ممالک کے لیے رابطہ سڑکیں موجود نہیں ہیں اور اس مقصد کے لیے کئی بین الاقوامی معیار کی س؟ ڑکیں بنوائی جا رہی ہیں مثلاً M8 کی تعمیر پر کام شروع ہو چکا ہے جو تقریباً 892 کلومیٹر طویل موٹروے ہوگی جو گوادر کو تربت، آواران، خضدار اور رتو ڈیرو سے ملائی گی جو پھر ایم 7، ایم 6 اور انڈس ہائی وے کے ذریعے گوادر کا چین کے ساتھ زمینی راستہ قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس کے علاوہ گوادر کو ایران اور افغانستان کے ساتھ ملانے کے لیے بھی سڑکوں کا جال بچھایا جا رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ______

Bullet No. 7

Dated: 20-1-2025 Page No. 47


## PPP delegation calls on CM

QUETTA: A delegation of party officials led by Pakistan Peoples Party (PPP) District Chagai President Malik Rehmatullah Notizai met Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti during his visit to Chagai on Saturday. In the meeting, the district officials apprised the Chief Minister about the problems of the workers and the public. The Chief Minister issued orders to resolve the problems of the party workers and the public on priority basis and assured the delegation that their suggestions would be implemented. He said that as per the instructions of President Asif Ali Zardari and Chairman Bilawal Bhutto Zardari, every possible effort is being made to address the issues. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.____

Dated: 21 JAN 2025 Page No.____




گوادر، انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی افتتاحی تقریب
میں وفاقی وزیر خواجہ آصف وزیراعلیٰ بلوچستان
میر سرفراز بگٹی کو سوینئر دے رہے ہیں



گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گوادر میں لوگوں کے مسائل سے آگاہ ہو رہے ہیں اس موقع پر رکن اسمبلی ملک شاہ گورگیج اور قبائلی رہنما میر ساجد بگٹی بھی موجود ہیں




گوادر: وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر حکام گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں